
علم الانسان ما لم یعلم
۱۳۳۹

کتبخانہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی

شعبہ ۳۷۸٫۵۴
شمارہ ۷۵ ص
عدد داخلہ ۱۶۰۶۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہمدرد جامعہ

جلد ۲ بابت ماہ جنوری ۱۹۳۸ء مطابق ماہ ذیقعدہ ۱۳۵۶ھ نمبر ۶

شذرات

دسمبر کا آخری اور جنوری کا پہلا ہفتہ ملت اسلامیہ کے ان دو عزیز فرزندوں کی وفات کا زمانہ ہے۔ جو اپنی بے لوث خدمت اور بے مثال قربانی کی وجہ سے حیات جاوید حاصل کر چکے ہیں اور جن کی محبوب یاد صدیوں تک سینہ بسینہ منتقل ہوتی رہے گی یعنی حکیم اجمل خاںؒ اور مولینا محمد علیؒ۔

ملک و ملت کے مسیح اعظم حکیم اجمل خاں نے ۱۹۲۷ء کے دسمبر میں وفات پائی تھی۔ حکیم صاحبؒ نے جس طرح اپنے فن شریف سے خلق اللہ کو بے پایاں فیض پہنچایا اور کمال بے جگری اور دلسوزی اور کمال بے نفسی کیساتھ جسم کے لاکھوں مریضوں کی بلا امتیاز خدمت کی ہے، اس کی نظیر مدتوں سے نہیں ملتی اور شاید مدتوں تک نہیں ملے گی۔ ممکن ہے کہ فنی حیثیت سے کبھی کوئی مسیح الملک کا مرتبہ حاصل کرے لیکن جن آنکھوں نے حکیم صاحب کو بیٹھے ہوئے مریضوں کو خوشامد سے مناتے اور اپنے ہاتھ سے دوا بنا کر پلاتے دیکھا ہے ان کی چشم تصور میں مرحوم کی بے نفسی اور دلسوزی کی نظیر ناممکن ہی معلوم ہوتی ہے۔ مریضوں کے ساتھ ان کے تعلق کی مثال صرف ماں اور بچے ہی میں مل سکتی ہے اور جو تعلق مرحوم کا ہندوستان کے بے شمار مریضوں سے تھا وہی ایک جامعہ سے تھا، اس مرد بیمار کے لئے جس کی جان ہر گھڑی خطرے میں رہتی تھی مرحوم جس درجہ بے چین رہتے اور کھلے اور چھپے جو کچھ اس کے لئے کرتے تھے بس خدا ہی جانتا ہے۔ ہم اتنا کہہ سکتے ہیں کہ ان کے آدھے دل میں ملک کے تمام مریضوں کا درد تھا اور دوسرے نصف میں ایک جامعہ کا۔

مولینا محمد علی مرحوم کی ذات مجمع الصفات کو کون نہیں جانتا۔ نئے ہندوستان کا گوشہ گوشہ بیدار مسلمانوں کا ایک ایک فرد اور اتحاد اسلامی کا ہر حلقہ مولینا مرحوم کی مسلسل جد و جہد سر فروشی اور قومی درد و خلوص کی یادگار ہے۔ ۱۹۲۰ء کے ہنگامہ خیز دنوں میں جب اسلامی ہندوستان زیر و زبر ہو رہا تھا۔ اسی مرد مجاہد نے اپنے دلیر رفیقوں کے ساتھ ناموافق حالات، خراب موسم اور مخالف فضا میں جامعہ کے تعلیمی چمن کی داغ بیل ڈالی

تھی اور مالی بن کر نرم و نازک نونہالوں کو اپنے خون سے سینچا تھا۔ آج وہ ہم میں نہیں ہے۔ لیکن اس کی یاد ہم سے کبھی جدا بھی نہیں ہو سکتی۔

خداوند جل و علا ان کی مغفرت کرے اور ہمارا سلام ان تک پہنچا دے۔

اس سال ان ہی دو مہینوں میں ہندوستان کے تین اور رفقا ہمیشہ کیلئے ہم سے جدا ہو گئے آنریبل شیخ مشیر حسین قدوائی، صاحبزادہ سر عبدالقیوم خاں، اور حضرت ظریف لکھنوی۔

ظریف۔ جن کو ظریف کہنا خود ایک ستم ظریفی ہے۔ شاعری حیثیت سے تو بلند تھے ہی، لیکن ان کا بڑا وصف یہ تھا کہ وہ خوش گفتار تھے لیکن دل میں سوز تھا۔ ظرافت محض کہنے کا ایک ڈھنگ تھا، ورنہ ان کا دل قوم کی بدنظمی، بے حسی، اور جہالت پر ہر وقت روتا تھا۔ عام طور پر مشاعروں میں کم جاتے تھے لیکن جامعہ کی دعوت مشکل ہی سے رد کرتے تھے، یوم تاسیس کے اکثر مشاعروں میں آپ جامعہ تشریف لاتے اور گدگدی گدگدی میں اصلاح کا ایک نشتر بھی لگا جاتے تھے۔

صاحبزادہ مرحوم اپنے صوبہ کی تعمیری اور اصلاحی کوششوں کے لئے ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ جہالت کدۂ سرحد میں تعلیم کی روشنی کا پھیلانا مرحوم ہی کا کارنامہ ہے، در حقیقت وہ سرحد کے سرسید تھے۔ یہ ٹھیک ہے کہ انھوں نے آزاد تعلیم کی کوشش نہیں کی۔ لیکن جہاں سرے سے تعلیم ہی نہ ہو۔ وہاں زیادہ بہتر چیز کی توقع کرنا امید کی زیادتی ہے، تعلیم، قومی ترقی، بیداری کی اصل و اساس ہے، اور اس ٹھوس کام کی ہر شخص کو توفیق نہیں ہوتی۔

شیخ مشیر حسین قدوائی، مزمن علالت سے بے بس ہو جانے کے باوجود، اسلام کی خدمت کیلئے برابر بے چین اور کچھ نہ کچھ کرتے رہے مرحوم ہندوستان کے اُن چند بزرگوں میں تھے جنہوں نے پہلے پہل اتحاد اسلام کی تحریک شروع کی۔ یورپ میں اس تحریک کی تبلیغ و اشاعت کرنے والوں میں تو وہ سب سے پہلے ہندوستانی تھے، بیسویں صدی کی کوئی تحریک شاید ایسی نہیں ہے جس کا تعلق عالم اسلام سے ہو اور مرحوم اس میں نمایاں طور پر موجود نہ ہوں۔ جامعہ سے بھی آپ کو محبت تھی۔ کونسل آف اسٹیٹ کے معزز رکن کی حیثیت سے دہلی اکثر آنا ہوتا تھا لیکن ناممکن تھا کہ دہلی آئیں اور جامعہ نہ آئیں۔ جامعہ کی مستقل امداد بھی مرحوم نے اپنے ذمے رکھی تھی۔ ہندوستان کی نئی نسل مرحوم سے زیادہ واقف نہیں لیکن ہندوستان اور عالم اسلام کے ہر اس شخص کو رنج ہو گا جو مسلمانوں کے ماضی قریب کی تحریکات سے وابستہ رہا ہے، اور یوں بھی اپنی عام فطری قابلیت کے اعتبار سے مرحوم ہندوستان کے گنتی کے مسلمانوں میں تھے،

ہم ان سب مرحومین کے لئے اب سوا دعائے مغفرت کے اور کیا کر سکتے ہیں۔

اللّٰہم اغفر وارحم وانت خیر الراحمین،

واردھا تعلیمی کمیٹی کی رپورٹ

پچھلے دنوں گاندھی جی نے تعلیم کے ممتاز ماہروں اور کانگریسی وزیروں کو واردھا میں بلا کر ایک تعلیمی کانفرنس منعقد کی تھی اور اس میں لوگوں کے سامنے اپنی یہ تجویز پیش کی تھی کہ ابتدا میں بچوں کی تعلیم کا مرکز دستکاری ہونا چاہئے جہاں خاصی بحث و تمحیص کے بعد آخر کار یہ تجویزیں پاس ہوئیں۔

(۱) سارے ملک کے لئے عام جبری تعلیم کا انتظام کیا جائے اور یہ تعلیم سات سال تک دی جائے۔

(۲) ذریعہ تعلیم مادری زبان ہو۔

(۳) اس تمام مدت میں جو تعلیم دی جائے اس کا مرکز کوئی دستکاری ہونا چاہئے۔

دستکاری کو مرکز تعلیم بنانے کی پہلی وجہ یہ تھی کہ شراب جس کے طفیل میں تعلیم دی جاتی تھی بند کی جا رہی ہے۔ ایسی حالت میں ضروری ہے کہ آمدنی کا کوئی ذریعہ تلاش کیا جائے اس لئے کانفرنس نے یہ امید بھی ظاہر کی۔

(۴) اس طریقہ تعلیم سے آہستہ آہستہ اتنی آمدنی ہونے لگے گی جس سے استاد کی تنخواہ نکل آئے۔

اس کے بعد گاندھی جی نے اس نئے طریقہ تعلیم کے لئے نصاب بنانے کی غرض سے ایک کمیٹی مقرر کی اور ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کو اس کمیٹی کا صدر بنایا۔ شروع دسمبر میں ڈاکٹر ذاکر صاحب کی یہ رپورٹ شائع ہو گئی۔ اس کے پانچ حصے ہیں۔ پہلے میں اصولی طور پر اس نئے طرز تعلیم سے بحث کی ہے۔ دوسرے میں سات سال کے کورس کا خاکہ دیا ہے۔ تیسرے میں استادوں کی ٹریننگ کا کورس ہے چوتھے میں مدرسوں کی نگرانی اور امتحانات کے لئے ہدایات ہیں اور پانچویں میں انتظام کا طریقہ۔ آخر میں ایک ضمیمہ ہے جس میں مثال کے طور پر کتائی بنائی کا کورس ہے جس میں تفصیل کے ساتھ یہ بتایا ہے کہ طالب علم کی دستکاری کی آمدنی اس کے خرچ کے لئے کافی ہوگی

ہم ذیل میں اس رپورٹ کے پہلے حصہ کو تقریباً تمام تر اور دوسرے کو کسی قدر اختصار کے ساتھ درج کر رہے ہیں امید ہے کہ ناظرین بہت دلچسپی سے پڑھیں گے۔ (مرتب)

آج کل کا تعلیمی نظام

تعلیم کا جو نظام آج کل ملک میں چل رہا ہے اسے قریب قریب سارے ہندوستانی برا کہتے ہیں۔ پچھلے زمانے میں وہ قومی زندگی کی اٹل ضرورتوں کو پورا نہیں کر سکا اور اس کی طاقتوں

کو ٹھیک راستے پر نہیں لگا سکا۔ آج جبکہ دنیا تیزی سے بدل رہی ہے اور قوموں کی زندگی نئے روپ لے رہی ہے ہماری تعلیم زندگی کے اصلی دھارے سے الگ اپنے اسی پرانے ڈھرے پر چلی جا رہی ہے اور بدلے ہوئے حالات سے میل نہیں کھاتی نہ تو وہ ہماری روزمرہ کی ضرورتوں کو پورا کرتی ہے اور نہ اس کے سامنے کوئی ایسا اونچا خیال ہے جو قوم کے مردہ جسم میں جان ڈال دے۔ وہ بچوں کو یہ نہیں سکھاتی کہ سماج کے مفید رکن بنیں اپنا بوجھ آپ اٹھائیں اور قوم کے کام میں اچھی طرح حصہ لیں۔ اس کو چاہیے تھا کہ ایسی سماج کی جگہ جس میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا ہے۔ ایک دوسرے کو لوٹتا اور دباتا ہے ایسی نئی سماج کا ڈول ڈالے جس میں سب مل کر کام کرتے ہیں۔ مگر اسے تو اس کی ہوا بھی نہیں لگی۔ اس لئے ہر طرف سے یہ پکار ہے کہ تعلیم کے اس نظام کو بدل کر ایک نیا نظام بنایا جائے جس کی نیو انسانوں کی ہمدردی اور بھلائی پر رکھی گئی ہو جو قوم کی ضرورتوں اور خیالوں سے میل کھاتا ہو اور اس کی اصل ضرورتوں کو پورا کرتا ہو۔

تعلیم کی جو اسکیم ہندوستان کے بچوں کے لئے بنائی جائے وہ کچھ باتوں میں اس اسکیم سے بالکل الگ ہوگی جو پچھم کے ملکوں میں بنائی گئی ہے۔ اس لئے کہ ہندوستان کی زندگی کا رستہ الگ ہے۔ اس نے ہر طرح کی آزادی حاصل کرنے کے لئے اہنسا کا طریقہ لیا ہے۔ ہمارے بچوں کو یہ سکھانے کی ضرورت ہے کہ اہنسا کا طریقہ ہنسا سے اچھا ہے۔

مہاتما گاندھی کی رہنمائی

اور میدانوں کی طرح اس میدان میں بھی مہاتما گاندھی کی سوجھ بوجھ اور رہنمائی آڑے وقت میں ہمارے کام آئی۔ انھوں نے اس کا بیڑا اٹھایا ہے کہ تعلیم کی ایک ایسی راہ نکالیں گے جو ہندوستانیوں کی طبیعت کے مناسب ہو اور جس سے ساری قوم کی تعلیم کا کام کم سے کم وقت میں چل نکلے۔ ان کی اسکیم کا بنیادی خیال جو انھوں نے ہریجن کے مضمونوں میں اور وردھا کی تعلیمی کانفرنس میں ظاہر کیا تھا یہ ہے صحیح تعلیم کے لئے ضروری ہے کہ کوئی ایسی دستکاری سکھائی جائے جس سے کچھ کمایا جا سکے اور اسکول کے سارے مضمون اسی دستکاری کے ذریعہ سے پڑھائے جائیں۔ اگر دستکاری کی تعلیم اچھی طرح دی جائے تو اس سے اسکول کے پڑھانے والوں کا خرچ نکل آنا چاہئے۔ ان کے خیال میں اس سے حکومت بے فیس کی لازمی بنیادی تعلیم کے جاری کرنے میں مدد ملے گی اگر یہ نہ ہوا تو آج ملک کی جو سیاسی اور مالی حالت ہے اس کو دیکھتے ہوئے بنیادی تعلیم کا خرچ اٹھانا حکومت کے بس کی بات نہیں ہے۔

اسکول میں ہاتھ کا کام

آج کل قریب قریب سب تعلیم کے ماہروں کی رائے ہے کہ بچوں کو کسی مناسب دستکاری کے ذریعہ سے تعلیم دینا چاہئے۔ یہ انسان کی پوری تعلیم کا سب سے اچھا طریقہ سمجھا جاتا ہے۔ بچوں کی طبیعت کے پہلو سے دیکھئے تو اس میں یہ اچھائی ہے کہ نری دماغی تعلیم کا بوجھ ہٹ جاتا ہے۔ ایسی تعلیم سے بچے جنہیں ہاتھ سے کام کرنے کا شوق ہوتا ہے بہت گھبراتے ہیں۔ اور ان کا یہ گھبرانا برا نہیں بلکہ اچھا ہے۔ دستکاری کے ذریعہ سے ہاتھ اور دماغ کی تعلیم ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ خالی یہی نہیں سیکھتے کہ لکھا ہوا یا چھپا ہوا پڑھ لیں بلکہ وہ چیز سیکھ لیتے ہیں جو اس سے کہیں بڑھ کر ہے۔

یعنی اپنے ہاتھ اور دماغ کے ذریعہ سے کوئی مفید کام کرنا یہی تعلیم ہی جو پوری کی جا سکتی ہی۔

سماجی لحاظ سے دیکھئے تو اس عملی کام سے جو سارے قوم کے بچے مل جل کر کریں گے ذات پات کے بندھن ٹوٹ جائیں گے۔ ہاتھ کا کام کرنے والوں اور دماغ کا کام کرنے والوں کو ایک دوسرے سے جو بیر ہے اور جو دونوں کے لئے برا ہے وہ جاتا رہے گا۔ یہی ایک طریقہ ہے جس سے دلوں میں محنت کی سچی عزت اور سب انسانوں کے ایک ہونے کا خیال پیدا ہو سکتا ہے اور یہ بہت بڑا اخلاقی فائدہ ہی۔

قومی آمدنی کے پہلو سے دیکھئے تو اس سے ہمارے ملک کے کام کرنے والوں میں کمائی کی طاقت بڑھ جائے گی اور وہ اپنے خالی وقت سے فائدہ اٹھانے کے قابل ہو جائیں گے۔

اور سب چھوڑ کر خاص تعلیمی لحاظ سے دیکھئے تو دستکاری کو تعلیم کا ذریعہ بنانے سے بچوں کا علم زیادہ ٹھوس ہو جائے گا۔ اس طرح علم کو زندگی سے لگاؤ پیدا ہوگا اور اس کے سب پہلو ایک دوسرے جڑے ہوئے ہوں گے

دو ضروری شرطیں

یہ فائدہ حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ دو باتوں کا پورا پورا خیال رکھا جائے ایک تو جو دستکاری چنی جائے وہ تعلیم کے لئے مناسب ہو۔ اسے انسان کے ضروری کاموں اور دلچسپیوں سے قدرتی طور پر لگاؤ ہو اور وہ تعلیم کے پورے کورس میں پھیلائی جا سکے۔ رپورٹ میں آگے چل کر جہاں ہم نے بنیادی دستکاریوں کے چننے کی سفارش کی ہے وہاں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا ہے۔

اور ہم چاہتے ہیں کہ سب لوگ جنھیں اس اسکیم سے کسی طرح کا تعلق ہے اس کا خیال رکھیں۔ تعلیم کی اس اسکیم کا اصل مقصد یہ نہیں ہی کہ ایسے کاریگر پیدا کئے جائیں جو خالی ہاتھ کا کام کر سکتے ہوں بلکہ یہ ہے کہ دستکاری سے تعلیم کا پورا فائدہ اٹھایا جائے۔ اس کے لئے یہ ضروری ہی کہ دستکاری صرف اسکول کے کورس کا ایک حصہ نہ ہو بلکہ اور سب مضمونوں کی تقسیم کا طریقہ بھی اسی کے سانچے میں ڈھالا جائے۔ ہر مضمون کے سکھانے میں اس پر زور دیا جائے کہ سب مل جل کر کام کریں جو کرنا ہے اس کا نقشہ پہلے سے سوچ لیں اور ہر چیز میں پوری صحت کا خیال رکھیں۔ جہاں تک ہو سکے ہر بچہ اپنی اپج سے کام کرے اور اپنے کام کا ذمہ دار ہو۔ اسی بات کو مہاتما گاندھی نے کہا ہے "دستکاری خالی ہاتھ کے کام کی طرح نہ سکھائی جائے جیسے آج کل سکھائی جاتی ہی بلکہ علمی طریقے سے، یعنی بچہ ہر کام کے بارے میں یہ بھی جان لے کہ یہ کیوں اور کس لئے کیا جاتا ہے" مگر بتانے سے نہیں بلکہ اپنی سمجھ اور اپنے تجربے سے۔ اگر صرف اتنا ہوا کہ کورس میں ایک مضمون۔ بنائی۔ کتائی۔ یا بڑھئی کا کام بڑھا دیا گیا اور دوسرے مضمون اسی پرانے طریقے سے پڑھائے جاتے رہے تو بچے اسی طرح بے سمجھے سیکھتے رہیں گے۔ علم کے الگ الگ ٹکڑے ہو جائیں گے جن میں کوئی جوڑ نہ ہوگا اور اس اسکیم کا اصل مقصد بھی جاتا رہے گا۔

شہریت کا وہ خیال جو اس اسکیم میں سامنے رکھا گیا ہے

ہم چاہتے ہیں کہ پڑھانے والے اور تعلیم کے ماہر

جو اس اسکیم کو چلائیں وہ شہریت کے اس خیال کو اچھی طرح سمجھ لیں جس پر اس کی بنیاد رکھی گئی ہے یہ ہونے والی بات ہے کہ نئے ہندوستان کی سماجی زندگی، سیاست، معیشت اور تہذیب میں جمہوریت کا رنگ دن بدن بڑھتا جائے گا۔ نئی پود کو کم سے کم یہ موقع ملنا چاہئے کہ اپنے ملک کے مسئلوں کو، اپنے حق کو اور اپنی ذمہ داری کو سمجھے۔ ایک بالکل نئے نظام کی ضرورت ہے جس سے لوگوں کو کم سے کم اتنی تعلیم ملجائے کہ وہ شہریوں کے حق اور فرض کو کام میں لا سکیں۔ پھر آج کل ہر سمجھدار شہری کو سماج کا کام کرنے والا رکن ہونا چاہئے یعنی کسی مفید سیوا کے ذریعہ سے وہ حق ادا کرنا چاہئے جو سماج کا اس پر ہے۔ وہ تعلیم جو نکمے آدمی پیدا کرتی ہے (چاہے وہ امیر ہوں یا غریب) ہر طرح سے بری ہے۔ یہی نہیں کہ وہ سماج کی کام کرنے اور پیدا کرنے کی طاقت کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ لوگوں کے خیال اور عادت کو بگاڑتی ہے۔ یہ اسکیم اس لئے بنائی گئی ہے کہ ملک میں کام کرنے والے پیدا ہوں۔ جو ہر مفید کام کو چاہے وہ میلا اٹھانے ہی کا کام ہو عزت کے قابل سمجھیں۔ جو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا چاہتے ہوں۔ اور ہو سکتے ہوں

جب اسکول کے کام اور سماج کے کام میں اتنا گہرا تعلق ہوگا تو بچے جو برتاؤ اسکول میں سیکھیں گے انہیں باہر آکر بھی برت سکیں گے۔ اس طرح یہ نئی اسکیم جو ہم پیش کر رہے ہیں ملک کے ہونے والے شہریوں کو اسی قدر اور عزت کرنا، اپنے آپ کو سدھارنا، سماج کی سیوا کرنا اور مل جل کر کام کرنا سکھائے گی۔ غرض یہ اسکیم ایسی جماعت کا خیال پیش کرتی ہے جس میں مل جل کر کام کیا جائے۔ جس میں بڑھنے والوں کو لڑکپن اور جوانی میں جب کہ ان پر ہر چیز کا گہرا اثر پڑتا ہے سماج کی سیوا کی دھن لگ جائے۔ اسکول کی تعلیم ہی کے زمانے میں وہ یہ سمجھنے لگیں گے کہ قومی تعلیم کے اس بڑے تجربے میں جو کیا جا رہا ہے وہ خود بھی کام کر رہے ہیں۔

اپنا خرچ آپ نکالنا اس اسکیم کی بنیاد ہے

اس بارے میں کہ یہ اسکیم اپنا خرچ آپ نکالے گی کچھ باتیں کہنا ضروری ہیں۔ اس لئے لوگوں نے اس کے معنی کچھ کے کچھ سمجھ لئے ہیں۔ ہم صاف صاف کہہ دینا چاہتے ہیں کہ ہم بنیادی تعلیم کی اس اسکیم کو جس کا خاکہ واردھا کانفرنس نے بنایا تھا اور جسے ہم اس رپورٹ میں پھیلا کر بیان کر رہے ہیں۔ ہر حالت میں اچھا سمجھتے ہیں۔ اگر یہ اپنا خرچ کچھ بھی نہ نکال سکے تب بھی اسے تعلیم کی اچھی پالیسی اور قوم کی ترقی کی ضروری تدبیر سمجھ کر قبول کر لینا چاہئے۔ مگر خوش قسمتی سے یہ اچھی تعلیم اپنے چلانے کا بہت کچھ خرچ بھی نکال لے گی ہم اس رپورٹ میں دکھائیں گے کہ واردھا کانفرنس کی کھینچی ہوئی حد کے اندر تعلیم سے اس کے خرچ کا بڑا حصہ نکل آئے گا (دیکھو ضمیمہ) ضمیمے میں جو حساب دیا گیا ہے اس سے معلوم ہوگا کہ جن اسکول میں کتائی اور بنائی بنیادی دستکاری ہو اس کی آمدنی سے اسکول کے خرچ کا کتنا حصہ نکل سکتا ہے

اس دستکاری کی آمدنی اور خرچ کا حساب لگانے میں ہمیں کچھ مشکل نہیں ہوئی اس لئے کہ یہ کام پچھلے سترہ برس سے مہاتما گاندھی کی نگرانی میں بڑی اچھی طرح سے ہو رہا ہے۔ مزدوری کا حساب اس شرح سے کیا گیا ہے

جو آل انڈیا چرخا سنگھ نے مہاراشٹر میں جاری کی ہے۔ دوسری دستکاریوں میں بازار کے بھاؤ سے حساب لگایا جا سکتا ہے۔ مہاتما جی نے صاف لفظوں میں کہا ہے کہ حکومت کو اس کا ذمہ لینا چاہئے کہ اپنے ہونے والے شہریوں کے کام کی پیداوار کو اس بھاؤ پر خرید لے گی۔

"ہر اسکول اپنا خرچ آپ نکال سکتا ہے اس شرط پر کہ حکومت اسکول میں بنائی ہوئی چیزوں کو خرید لے۔" (ہریجن ۳۱ جولائی ۱۹۳۷ء) ہم اس رائے کی پوری طرح تائید کرتے ہیں۔

اس آمدنی سے جو مالی فائدہ ہوگا اسے چھوڑ کر بھی ہمارا خیال ہے کہ سکھانے والوں اور سیکھنے والوں کے کام کی اچھائی کو جانچنے اور ناپنے کا کوئی پیمانہ ہونا چاہئے اگر یہ نہ ہوا تو ڈر ہے کہ کام سست پڑ جائے گا اور اس سے کوئی تعلیمی فائدہ نہ ہوگا۔ یہ بات تعلیم کے ان ماہروں کے تجربے سے صاف ظاہر ہے جنہوں نے اپنے اسکولوں میں "ہاتھ کا کام" یا "عملی کام" کرایا ہے۔

مگر یہاں ہمیں ایک بات جتا دینا ہے۔ اس اسکیم کے چلانے میں ایک بہت بڑا ڈر اس کا بھی ہے ایسا نہ ہو کہ آمدنی پر اتنا زور دیا جائے جس سے اس کا تعلیمی اور تہذیبی فائدہ جاتا رہے۔ ایسا نہ ہو کہ سکھانے کا سارا وقت اور دھیان اس میں لگ جائے کہ لڑکوں سے زیادہ سے زیادہ محنت لیں اور دستکاری کی تعلیم سے دماغی۔ سماجی اور اخلاقی پہلو کو بھول جائیں۔

بنیادی تعلیم کے سات سال کے کورس کا خاکہ

(۱) بنیادی دستکاری

سیکھنے والے کو اس کام میں جو اس نے اپنے لئے چنا ہو اتنی مہارت ہو جانی چاہئے کہ اپنی تعلیم ختم کرنے کے بعد وہ اسے اپنا پیشہ بنا سکے۔

نیچے لکھی ہوئی بنیادی دستکاریاں اسکولوں میں سکھائی جا سکتی ہیں:۔

(الف) کتائی اور بنائی (ب) بڑھئی کا کام۔ (ج) کھیتی (د) پھل اور ترکاریاں پیدا کرنا (ہ) چمڑے کا کام۔ (و) کوئی اور دستکاری جس کے لئے مقامی حالات مناسب ہوں اور جو اوپر لکھی ہوئی شرطوں کو پورا کرتی ہو۔

جن اسکولوں میں کتائی اور بنائی یا کھیتی کے سوا کوئی اور بنیادی دستکاری سکھائی جائے ان میں بھی سیکھنے والوں کو روئی دھننا۔ تکلی کاتنا اور کھیتی باڑی کا معمولی کام جاننا چاہئے۔

(۲) مادری زبان

مادری زبان کو اچھی طرح سکھانا ساری تعلیم کی بنیاد ہے جب تک کوئی شخص اپنی زبان اچھی طرح نہ بول سکتا ہو اور صحیح اور صاف نہ لکھ سکتا ہو اس کے خیال میں بھی صحت اور صفائی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اس کے علاوہ مادری زبان کے ذریعہ سے بچہ اپنی قوم کے خیالات اور جذبات کے خزانہ کو حاصل کرتا ہے اس لئے اس سے سماجی اور اخلاقی تعلیم کا کام اچھی طرح لیا جا سکتا ہے۔ اس کے ذریعہ سے بچہ خوبصورت چیزوں کے شوق

کو ظاہر کرتا ہے۔ اور اگر اس کے سکھانے کا صحیح طریقہ برتا جائے تو ادب، خوشی۔ اور تسکین کا سامان بن سکتا ہے۔ سات سال کی تعلیم سے نیچے لکھے ہوئے مقصد حاصل ہوجانے چاہئیں :۔

۱۔ بچہ اپنے آس پاس کی چیزوں۔ لوگوں۔ اور واقعات کے بارے میں آسانی سے بات چیت کرسکے۔

اور پھر اسے دھیرے دھیرے اتنی مشق ہوجائے کہ

۲۔ وہ ہر چیز کے بارے میں جس سے اس کو روزمرہ کام پڑتا ہے صاف صاف اور ٹھیک ٹھیک بات چیت کرسکے۔

۳۔ ایسی عبارتوں کو جو زیادہ مشکل نہ ہوں چپ چاپ سمجھ سکے (کم سے کم معمولی اخباروں اور رسالوں کو آسانی سے پڑھ لے)

۴۔ نظم اور نثر کو زور سے پڑھتے وقت اس طرح ادا کرسکے کہ اس کا مطلب صاف ہوجائے اور وہ اس کا لطف اٹھا سکے (اونگھ اونگھ کر پڑھنے کا جو بے جان طریقہ عام طور پر دکھائی دیتا ہے۔ اس کو بالکل چھوڑ دے)

۵۔ فہرست۔ انڈیکس۔ ڈکشنری اور حوالہ کی کتابوں کو برت سکے اور عام طور پر اپنا علم بڑھانے اور لطف اٹھانے کے لئے کتب خانہ سے کام لے سکے

۶۔ صاف۔ صحیح اور خاصی تیز رفتار سے لکھ سکے

۷۔ صاف اور سادہ عبارت میں روزمرہ کے واقعات کو بیان کرسکے۔ جیسے گاؤں کے عام جلسوں کی رپورٹ لکھنا۔

۸۔ سیدھے سادے ڈھنگ کے خط اور کاروبار کے خط لکھ سکے۔

۹۔ اچھے اچھے لکھنے والوں کی کتابوں یا ان کے چنے ہوئے ٹکڑوں کو پڑھ کر ان سے واقفیت اور دلچسپی حاصل کرچکا ہو۔

(۳) ریاضی

اس کے سکھانے کا مقصد یہ ہے کہ بچہ حساب جامیٹری کے معمولی سوالوں کو۔ جو اس کی دستکاری۔ یا گھر کی اور آس پاس کی زندگی سے پیدا ہوں۔ تیزی سے حل کرسکے اسے تجارتی حساب اور بہی کھاتے کا کام بھی جاننا چاہئے۔

تعلیم صرف عدد کے جاننے اور برتنے پر ختم نہیں ہوجانی چاہئے۔ اس کو زندگی کی ضرورتوں سے گہرا تعلق ہونا چاہئے جو بنیادی دستکاری اسکول اور جماعت کے روزمرہ کے کاموں سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس طرح سے مقداروں اور قیمتوں کا اندازہ کرنے سے بچوں کی عقل اور سمجھ کو ترقی کا پورا موقع ملیگا۔

(۴) سماج کا علم

اس کے مقصد یہ ہیں :۔

۱۔ بچے کو عام طور پر انسانوں اور خاص طور پر ہندوستان کے لوگوں کی ترقی سے دلچسپی ہوجائے۔

۲۔ وہ اپنے آس پاس کے سماجی اور ملکی حالات کو اچھی طرح سمجھ سکے اور اس کے دل میں ان کے سدھارنے کا شوق پیدا ہو۔

۳۔ اس کے دل میں وطن کی محبت ہو وہ ہندوستان کے پچھلے زمانے کی عزت کرے اور آنے والے زمانے کے بارے میں یہ عقیدہ رکھے کہ یہ ایک ایسی سماج کا گھر ہوگا جس کی نیو مل کر

کام کرنے اور محبت۔ سچائی اور بناؤ پر رکھی جائے گی

۴۔ وہ شہریت کے حقوق اور ذمہ داریوں کو اچھی طرح جان لے۔

۵۔ اس میں وہ شخصی اور سماجی خوبیاں پیدا ہو جائیں جن سے کہ آدمی اپنے ساتھیوں اور پڑوسیوں کے بھروسے کے قابل ہو جاتا ہے۔

۶۔ سب کے دل میں ایک دوسرے کے مذہب کی اور دنیا کے سب مذہبوں کی عزت پیدا ہو جائے۔

یہ مقصد ایک ایسے کورس سے حاصل ہو جائیں گے جس میں تاریخ۔ جغرافیہ۔ شہریت کا علم اور آج کل کے زمانے کے حالات شامل ہوں اور دنیا کے مذہبوں کے اصول بتا کر یہ ثابت کیا جائے کہ خاص خاص باتوں میں سب مذہب ایک سے ہیں۔ شروع اس طرح کرنا چاہئے کہ بچہ اپنے آس پاس کے حالات اور معاملات کو جانے پھر اُسے اس بات سے دلچسپی پیدا کرانی چاہئے کہ لوگ اپنی اپنی ضرورتوں کو کیونکر پورا کرتے ہیں۔ اس طرح اس کے دل میں دوسرے لوگوں کی زندگی اور کام کے جاننے کا شوق پیدا ہو جائے گا۔ (کورس کی تفصیل ہم چھوڑتے ہیں)

(۵) عام سائنس

اس کے مقصد یہ ہیں:۔

۱۔ بچوں کو اس قابل بنانا کہ آس پاس کی دنیا کو سمجھ سکیں۔

۲۔ انھیں اس کی عادت ڈالنا کہ چیزوں کو صحیح طور پر دیکھیں۔ اور جو دیکھتے ہیں اسے تجربہ کر کے جانچیں۔

۳۔ انھیں اس قابل بنانا کہ سائنس کے ان بڑے اصولوں کو سمجھ سکیں جن کی مثالیں:۔

(الف) آس پاس کی قدرتی چیزوں (ب) سائنس کو انسانوں کے کام میں لانے میں ملتی ہیں۔

۴۔ انھیں بڑے بڑے سائنس دانوں کے حالات بتانا جنھوں نے علم کے لئے قربانیاں کی ہیں تاکہ ان کے دل پر اثر پڑے۔ کورس میں کئی سائنسوں کے نیچے لکھے ہوئے مضمون شامل ہونے چاہئیں۔

(الف) آس پاس کی دنیا کا علم (ب) پودوں کا علم (ج) جانوروں کا علم (د) بدن کا علم (ہ) صحت اور صفائی کا علم (و) جسم کی تربیت (ز) آسان کیمیا۔ (ہوا۔ پانی۔ تیزاب۔ نمک وغیرہ کیا ہیں اور کیونکر بنتے ہیں) (ح) ستاروں کا علم (جس سے رات کو رستہ پہچان سکیں) (ط) کہانیاں: سائنس دانوں اور نئے ملک ڈھونڈنے والوں اور ان کے کاموں کی جو انھوں نے انسان کی بھلائی کے لئے کئے۔

(۶) ڈرائنگ

اس کے مقصد یہ ہیں:۔

۱۔ آنکھ کو شکلوں اور رنگوں کے پہچاننے اور ان فرق کرنے کی مشق۔

۲۔ شکلوں کو یاد رکھنے کی مشق۔

۳۔ قدرت کی اور آرٹ کی خوبصورت چیزوں کو جاننا اور ان سے لطف اٹھانا۔

۴۔ چیزوں کا اچھا نقشہ سوچنا اور سجاوٹ کا کام۔

۵۔ دستکاری میں جو چیزیں بنانی ہیں ان کی ڈرائنگ

(۷) گانا

اس کا مقصد یہ ہے کہ بچوں کو اچھے گیت یاد ہو جائیں اور انھیں اچھے گانے کی پہچان اور شوق ہو جائے۔ بچوں میں تال کا جو قدرتی احساس ہوتا ہے اسے ترقی دینے کے لئے انھیں دونوں ہاتھوں سے تال دینا سکھایا جائے۔ قدم ملا کر ایک خاص تال کے ساتھ چلنے سے بھی اس میں مدد مل سکتی ہے۔

اس کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ صرف اچھے گیت چنے جائیں جن کا اخلاقی اثر بھی اچھا ہو۔ ان کا مضمون بھی پاک اور اونچا ہونا چاہئے۔ مل کر گانے پر خاص زور دیا جائے:

(۸) ہندوستانی

ہندوستانی کو اسکول کورس میں لازمی رکھنے کا مقصد یہ ہے کہ قومی اسکولوں میں پڑھے ہوئے بچے دیس کی عام زبان تھوڑی بہت جانتے ہوں۔ اور بڑے ہو کر ہندوستان کے دوسرے صوبے کے لوگوں کے ساتھ آسانی سے کام کر سکیں۔ اس زبان کو سکھانے میں استاد کو بچوں کے دل میں یہ بات بٹھا دینا چاہئے کہ یہ زبان ہندوؤں اور مسلمانوں کے میل جول کا سب سے بڑا اور اچھا پھل ہے یہ ان کے اچھے سے اچھے خیالات اور جذبات کا خزانہ ہے۔ انھیں زبان کی بڑائی اور طاقت پر فخر کرنا چاہئے اور دل سے اس کی سیوا کرنے کا شوق ہونا چاہئے۔ جن علاقوں میں ہندوستانی بولی جاتی ہے ان میں یہ مادری زبان ہوگی لیکن بچوں اور استادوں دونوں کے لئے لازمی ہوگا کہ ناگری اور فارسی دونوں خط سیکھیں تاکہ ہندی اور اردو میں لکھی ہوئی کتابوں کو پڑھ سکیں۔ دوسرے علاقوں میں جہاں صوبے کی زبان دوسری زبان ہوگی۔ ہندوستانی پانچویں اور چھٹے درجے میں لازمی رکھی جائے گی لیکن بچوں کو دونوں خطوں میں سے ایک خط چننے کا اختیار رہوگا۔ لیکن استادوں کو دونوں طرح کے بچوں سے کام پڑے گا اس لئے اچھا ہے کہ وہ دونوں خط سیکھ لیں۔

کم سے کم ہر اسکول میں دونوں خطوں کے سکھانے کا کافی انتظام ہونا چاہئے کہ اس کا عام خاکہ پانچویں درجے تک لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے ایک ہی ہوگا چوتھے پانچویں درجے میں لڑکیوں کے لئے عام سائنس کے کورس کو بدل کر اس میں گھر کے کام کاج کا علم بھی شامل کرنا چاہئے چھٹے اور ساتویں درجے میں لڑکیوں کو اجازت ہوگی کہ بنیادی دستکاری کی جگہ گھر کے کام کاج کا اونچا کورس لے سکیں:

حالات جامعہ

اسلامی دنیا کے عام حالات سے تو یوں ہم باخبر رہتے ہیں لیکن ان ملکوں کی اصلاحی اور تعمیری کوششوں کی ایسی تفصیل جو معتبر بھی ہو اور مفید بھی، کم حاصل ہوتی ہے، حالانکہ اسلامی روابط کو قائم رکھنے اور مستحکم کرنے میں یہ چیز کم ضروری نہیں ہے۔ جامعہ نے اس غرض کو پورا کرنے کے لئے اپنے ہاں توسیعی خطبات کا سلسلہ جاری کیا۔ خوش قسمتی سے ڈاکٹر انصاری جب بقید حیات تھے، ان کی بدولت ہمیں ترکی کے تین مشاہیر یعنی ہز ایکسلنسی رؤف بے سابق وزیر اعظم، خالدہ ادیب خانم اور ڈاکٹر محبت وہبی۔ کے خیالات سے مستفید ہونے کا موقع ملا۔ اسی ضمن میں دو جلسے ابھی حال ہی میں ہوئے۔ مشہور صحافی اور سیاسی مفکر ڈاکٹر سید حسین مدت مدید کے بعد وطن مالوف تشریف لائے تھے۔ جامعہ نے آپ سے یورپ کی سیاسی صورت حال اور "اسلامی دنیا" کے عنوانات پر دو تقریروں کی درخواست کی۔ جسے آپ نے منظور فرمایا۔ صدارت کے لئے ہمارے محترم اور جناب مقرر کے قدیم دوست جناب آصف علی صاحب ایم۔ ایل۔ اے۔ نے جامعہ کی درخواست قبول فرمائی۔ تقریریں تعلیمی مرکز ۱ میں ہوئیں۔ داخلہ ٹکٹ سے تھا۔ پھر بھی مجمع بہت کافی تھا۔ تقریروں کی عام طور پر بہت تعریف کی گئی۔ جلسوں کا انتظام حسب معمول طلبائے کالج کے ہاتھ میں تھا جسے انہوں نے بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔

گزشتہ مہینے ایک غیر سرکاری اجتماع کے سلسلے میں کانگریس حکومت کے وزراء دہلی میں جمع ہوئے تھے۔ ان میں سے آنریبل یسین نوری صاحب وزیر حکومت بمبئی جامعہ میں شیخ الجامعہ صاحب کے مہمان ہوئے۔ آنریبل حافظ محمد ابراہیم صاحب وزیر حکومت یو۔ پی جو اپنے محکمہ کی قیام گاہ میں جامعہ نگر کے قریب ہی فروکش ہوئے تھے، جامعہ نگر میں تشریف لائے۔ بچوں نے ان کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا۔ جس کا جواب دیتے ہوئے حافظ صاحب نے فرمایا مجھے اب تک بہت سے سپاسنامے دئے گئے ہیں۔ لیکن بچوں کے اس سپاسنامے کو ہمیشہ یاد رکھوں گا

دہرہ دون کا پبلک اسکول جو انگلستان کے پبلک اسکولوں کے طرز پر قائم کیا گیا ہے۔ ہندوستان میں خاص شہرت کا مالک ہے۔ انگلستان میں بنیادی تعلیم کے یہ پبلک اسکول بڑی اہم حیثیت رکھتے ہیں۔ برطانیہ کے اکابرین اور ہندوستان کے انگریزی حاکموں کی ابتدائی تعلیم ان پبلک اسکولوں ہی کے رہین منت ہوتی ہے۔ دہرہ دون اسکول کے ہیڈ ماسٹر مسٹر فٹ شروع دسمبر میں دہلی آئے تھے تو جامعہ میں بھی تشریف لائے۔ مدرسہ ابتدائی اور تعلیمی مرکز میں بچوں کو جس نہج پر تعلیم دی جاتی ہے وہ فٹ صاحب کو بہت پسند آیا۔ اور انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ وہ اپنے ہاں کے چند اساتذہ اور طلباء کو جامعہ کے طریقہ تعلیم کو دیکھنے اور سمجھنے کے لئے بھیجیں گے۔ سر دست ایک استاد تشریف لائے تھے اور فٹ صاحب کی ہدایت کے مطابق ایک ہفتہ یہاں قیام کیا۔

حیدرآباد کے محکمہ آثار قدیمہ کے ناظم (ڈائرکٹر) جناب غلام یزدانی صاحب جو اپنی اثری تحقیق اور کاوش کے لئے ہندوستان ہی نہیں بلکہ بیرون ہند میں بھی مشہور ہیں اور ہندوستان کے قدیم آثار کو بہتر طور پر سمجھنے کیلئے تمام دنیا کے آثار کا بھی بچشم خود مطالعہ کر چکے ہیں۔ دسمبر میں اردو اکاڈمی جامعہ کی دعوت پر دہلی تشریف لائے تھے اور "ہندوستان کے آثار قدیمہ" کے عنوان سے ایک مقالہ پڑھا، مقالہ اپنی علمی اور تحقیقی پہلوؤں کے اعتبار سے اتنا بلند تھا کہ شاید اس سے پیشتر اردو میں کوئی مقالہ نہیں لکھا گیا۔ اکاڈمی کے اس جلسہ کے صدر پروفیسر مجیب صاحب تھے۔ صحیح ذوق رکھنے والوں کی ایک بہت بڑی تعداد دہلی اور نئی دہلی کے علمی حلقوں سے آکر جمع ہو گئی تھی۔

عید کی تعطیل میں مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر کے کچھ بچے (ابتدائی ششم) اپنے دو استادوں کے ساتھ لاہور گئے تھے۔ لاہور کی نمائش نے اس سفر میں اور دلچسپی پیدا کر دی تھی۔ بچوں نے اس سیر سے خاطر خواہ تعلیمی فائدے حاصل کئے۔ اور نئی چیزوں اور پرانی عمارتوں کے دیکھنے کو انہوں نے محض تفریح پر نہیں ٹال دیا بلکہ ہر چیز کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی۔ "قابل دید" اشخاص کی زیارت میں بھی اس اصول کو قائم رکھا۔ بچے سیر کے حالات دوران سفر میں نوٹ کرتے رہے تھے۔ اب ان کو صاف کر رہے ہیں۔ جو اصلاح کے بعد ان کے رسالہ میں "شائع" ہو جائیں گے۔

۲۲۔ ۲۳۔ ۲۴ر دسمبر کو آل انڈیا لائبریری کانفرنس کا تیسرا سالانہ اجلاس ڈاکٹر ولی محمد صاحب ایم۔ اے (لکھنؤ یونیورسٹی) کی صدارت میں دہلی میں ہوا تھا۔ جامعہ کی طرف سے پروفیسر محمد عاقل صاحب ایم۔ اے۔ ناظم کتب خانہ جامعہ نے کانفرنس میں شرکت کی۔ دہلی کانفرنس کے دستور اساسی کی تشکیل کے لئے جو کمیٹی مقرر ہوئی ہے اس کے آپ داعی منتخب ہوئے ہیں۔

اطلاع

مختلف صوبوں میں ہمارے پانچ مہتمم حلقہ ہمدردان کا کام کر رہے تھے بنگال میں ڈاکٹر زین العابدین صاحب، مشرقی صوبہ متحدہ میں مقبول احمد صاحب۔ مغربی صوبہ متحدہ میں مولوی محمد فاروق صاحب۔ سی۔ پی میں قاضی محمد علی صاحب۔ اور بمبئی میں مولوی عبدالغفور صاحب۔ اب صوبہ بہار کے لئے شاہ نظام الدین صاحب کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ شاہ صاحب کئی سال سے کتب خانہ جامعہ میں نائب مہتمم کی حیثیت سے خدمت کر رہے تھے۔ سی۔ پی کے صوبے میں مسلمانوں کی تعداد یوں بھی کم ہے اور جو کچھ ہے وہ منتشر سی ہے۔ اسی لئے اس صوبہ سے تحصیل وصول کے لئے غیر معمولی تگ و دو اور اخراجات کی ضرورت ہوتی ہے۔ قاضی محمد علی صاحب بڑی جانسوزی کے ساتھ یہاں کام کر رہے تھے۔ افسوس ہے کہ اپنی بعض مجبوریوں کی بنا پر اس مہینے اس خدمت سے سبکدوش ہو گئے ہیں۔ اب یہ صوبہ براہ راست صدر دفتر سے متعلق ہوگا۔ اس لئے چندہ کی رقوم بھی حضرات ہمدردان کو خود ہی ارسال کرنی ہوں گی۔ مولوی محمد فاروق صاحب کا بھی اہتمام کے فرائض سے کوئی تعلق نہیں رہا۔ اور ان کے بجائے مولوی منظور حسن صاحب فاروقی نے مغربی صوبہ متحدہ میں باقاعدہ کام شروع کر دیا ہے۔

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ اور مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو ماہ نومبر ۱۹۳۷ء میں ہمیں اپنے منتظمین اور سفرا کی معرفت وصول ہوئی ہیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں۔ اندراجات میں صحت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشنے دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ رہنی چاہئے۔ کہ ایک مہینہ کے آخری دنوں کی وصول یابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینہ میں محسوب ہوتی ہے۔ اس لئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں درج نہ ہوں تو انہیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہئے۔ (مرتب)

جدید اضافہ

نمبر شمار	نمبر رجسٹر	اسم گرامی	نمبر شمار	نمبر رجسٹر	اسم گرامی	نمبر شمار	نمبر رجسٹر	اسم گرامی
۱	۵۳۱۴	عبدالصمد خاں صاحب کی۔ ناگپور	۱۳	۵۳۲۶	ماسٹر محمد حسین صاحب انصاری انبالہ	۲۵	۵۳۳۸	کیپٹن شاد محمد صاحب بھوپال
۲	۵۳۱۵	عبدالنصیر خاں صاحب 〃	۱۴	۵۳۲۷	نیاز احمد صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ دہلی	۲۶	۵۳۳۹	غلام علی صاحب 〃
۳	۵۳۱۶	عبداللہ لیاقت حسین صاحب دہلی	۱۵	۵۳۲۸	سید حفیظ الرحمن صاحب سیلور	۲۷	۵۳۴۰	زبیر قطبی صاحب 〃
۴	۵۳۱۷	رشید احمد صاحب غنی 〃	۱۶	۵۳۲۹	رضی الدین احمد خاں صاحب جالنہ	۲۸	۵۳۴۱	سید اسحاق صاحب ایوت محل
۵	۵۳۱۸	افتخار احمد صاحب شیروانی 〃	۱۷	۵۳۳۰	سید عزیز احمد صاحب سہارنپور	۲۹	۵۳۴۲	محمد اسحاق صاحب 〃
۶	۵۳۱۹	نسیم احمد خاں صاحب 〃	۱۸	۵۳۳۱	محمد اسمٰعیل صاحب علیگڈھ	۳۰	۵۳۴۳	محمد بابا پٹیل صاحب ڈگرس
۷	۵۳۲۰	سرفراز حسین خاں صاحب مونگیر	۱۹	۵۳۳۲	حکیم ظہیر الدین صاحب 〃	۳۱	۵۳۴۴	شیخ جی صاحب ولد شیخ فرید صاحب 〃
۸	۵۳۲۱	شیخ محمد حسن صاحب کراچی	۲۰	۵۳۳۳	شیخ علاء الدین صاحب دہلی	۳۲	۵۳۴۵	سیٹھ دادا ابراہیم صاحب 〃
۹	۵۳۲۲	شیخ محمد یوسف صاحب بستی	۲۱	۵۳۳۴	سید محمد ذوالفقار علی صاحب 〃	۳۳	۵۳۴۶	جیوا حاجی صاحب 〃
۱۰	۵۳۲۳	غلام محی الدین خاں صاحب اناوہ	۲۲	۵۳۳۵	اے۔ داجی بھمانی صاحب بمبئی	۳۴	۵۳۴۷	سیٹھ علی محمد عیسیٰ صاحب 〃
۱۱	۵۳۲۴	حاجی نورالحسن صاحب کانپور	۲۳	۵۳۳۶	عبدالحمید اسمٰعیل صاحب 〃	۳۵	۵۳۴۸	ممنون حسن خاں صاحب بھوپال
۱۲	۵۳۲۵	حاجی چراغ دین صاحب کلکتہ	۲۴	۵۳۳۷	ابوسعید نظام الدین صاحب کاکوری 〃	۳۶	۵۳۴۹	بسم اللہ خاں صاحب سوداگر ڈگرس

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی
۳۷	۵۳۵۰	بشیر مرزا صاحب دہلی	۵۷	۵۳۷۰	احمد میاں حاجی چھوٹو صاحب احمد آباد	۷۴	۵۳۸۷	معین الدین عبد اللہ میاں صاحب
۳۸	۵۳۵۱	اعجاز حسین صاحب تقوی بجنور	۵۸	۵۳۷۱	عبد القادر محمد فضل صاحب پونشے والے ؍			احمد آباد
۳۹	۵۳۵۲	عبد السلام صاحب ؍	۵۹	۵۳۷۲	ابراہیم شیخ محمد بھائی صاحب ؍	۷۵	۵۳۸۸	محمد شریف حاجی احمد کھانا صاحب ؍
۴۰	۵۳۵۳	مولوی محمد جلیل صاحب بانکی پور	۶۰	۵۳۷۳	محمد حسین عبد القادر صاحب ؍	۷۶	۵۳۸۹	حاجی خیر الدین نانا بھائی صاحب پو بھا والا
۴۱	۵۳۵۴	محمد الیاس صاحب انصاری اعظم گڑھ	۶۱	۵۳۷۴	سید مصطفی حسن صاحب قادری ؍	۷۷	۵۳۹۰	قاسم بھائی ایم نگینہ والا ؍
۴۲	۵۳۵۵	سرفراز علی صاحب زیدی بنارس	۶۲	۵۳۷۵	حسن بھائی اے مومن صاحب ؍	۷۸	۵۳۹۱	محمد حبیب ایم ولی اللہ صاحب ؍
۴۳	۵۳۵۶	نعمت اللہ صاحب انصاری ؍	۶۳	۵۳۷۶	سید عبد اللہ میاں ترا صاحب قادری	۷۹	۵۳۹۲	عبد اللہ میاں عبد الرحمن صاحب شاہ
۴۴	۵۳۵۷	وکیل احمد صاحب اعظم گڑھ	۶۴	۵۳۷۷	منشی عبد الکریم نور محمد صاحب ؍	۸۰	۵۳۹۳	حبیب بھائی غلام محمد داوا صاحب ؍
۴۵	۵۳۵۸	عبد الرؤف صاحب ؍	۶۵	۵۳۷۸	سید انتصار علی ایس۔ اے بخاری	۸۱	۵۳۹۴	محمد جی منصوری صاحب بی۔ اے ؍
۴۶	۵۳۵۹	مرزا احسان احمد صاحب ؍			صاحب احمد آباد	۸۲	۵۳۹۵	غلام علی ڈبلیو مومن صاحب ؍
۴۷	۵۳۶۰	احمد حبیب صاحب بمبئی	۶۶	۵۳۷۹	ڈاکٹر اے۔ آر۔ بلوچ صاحب ؍	۸۳	۵۳۹۶	محمد ابراہیم ڈار صاحب ؍
۴۸	۵۳۶۱	سلطان احمد صاحب بجنور	۶۷	۵۳۸۰	جی۔ اے لطیف اینڈ سنز ؍	۸۴	۵۳۹۷	صفدر حسین ایس۔ اے بخاری صاحب شاہ
۴۹	۵۳۶۲	محمد ایوب صاحب انصاری ؍	۶۸	۵۳۸۱	حسن بھائی لال بھائی چوڑیوالا	۸۵	۵۳۹۸	نور محمد جی شیخ صاحب ؍
۵۰	۵۳۶۳	ماسٹر ثروت حسین صاحب	۶۹	۵۳۸۲	عبد القادر عبد الستار اینڈ سنز ؍	۸۶	۵۳۹۹	فضل میاں چھوٹو میاں حکیم صاحب ؍
۵۱	۵۳۶۴	عبد القادر احمد ترادا صاحب سورت	۷۰	۵۳۸۳	بدر الدین ایچ۔ ایم غنی صاحب	۸۷	۵۴۰۰	ابو القاسم عبد القادر کاکو والے ؍
۵۲	۵۳۶۵	منادی صاحب ؍	۷۱	۵۳۸۴	ڈاکٹر سید جلال الدین کے	۸۸	۵۴۰۱	محمد عظیم کوٹھا والا ؍
۵۳	۵۳۶۶	عائشہ بی بی صاحبہ راندیر			قادری صاحب احمد آباد	۸۹	۵۴۰۲	پیر بھائی آدم جی صاحب ؍
۵۴	۵۳۶۷	رسول حسین المم صاحب ؍	۷۲	۵۳۸۵	لال میاں غلام حسین صاحب ؍	۹۰	۵۴۰۳	سید محمد ہادی صاحب ؍
۵۵	۵۳۶۸	شیخ قادر بھائی غلام علی صاحب حیدر آباد	۷۳	۵۳۸۶	سید علی کیکا بھائی صاحب	۹۱	۵۴۰۴	سید محمد زبیو میاں قادری صاحب ؍
۵۶	۵۳۶۹	عبد الصمد عبد اللہ بھائی صاحب ؍			اینڈ برادرس احمد آباد	۹۲	۵۴۰۵	سید شاہ محمد حسین صاحب چشتی بہاری

مستقل امداد

دہلی

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	شرح چندہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	شرح چندہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	شرح چندہ
۱	۱۹۹	خواجہ عبدالمجید صاحب بی۔ اے شیش محل	ے/	۲۰	بی ۱۹۶۹	اے حکم چند صاحب نئی دہلی	سعہ/	۴۰	بی ۱۹۸۹	حکیم محمد احسن صاحب انصاری سبزی منڈی	گ/
۲	۲۰۳	شاہ علی اینڈ برادرس۔ نواب گنج	صہ/	۲۱	۱۹۷۰	رئیس محمد یوسف صاحب "	عہ/	۴۱	۱۹۹۰	بابو ایس مولا بخش صاحب "	ے/
۳	۲۱۰	جلیل احمد قدوائی صاحب نئی دہلی	گ/	۲۲	۱۹۷۱	بیگم صاحبہ محمد یعقوب صاحب "	عہ/	۴۲	۱۹۹۱	ملک آفتاب احمد صاحب قرول باغ	عہ/
۴	۲۳۹	عبدالخالق صاحب کپڑے والے پھاٹک حبش خاں	عہ	۲۳	۱۹۷۲	احسان الحق صاحب "	گ/	۴۳	۱۹۹۲	مرزا سلیمان صاحب نئی سڑک	عہ/
۵	۲۷۹	خواجہ عبدالمجید صاحب بی۔ اے شیش محل	ے/	۲۴	۱۹۷۳	صدیق حسن صاحب "	عہ/	۴۴	۱۹۹۳	کالے خاں صاحب فتحپوری	۸/
۶	بی ۱۹۵۵	حکیم حاجی عبدالمجید صاحب بیدرد دواخانہ	صہ/	۲۵	۱۹۷۴	عبداللطیف خاں صاحب جامعہ پریس	عہ/	۴۵	۱۹۹۴	عبدالعلیم صاحب نئی دہلی	لعہ/
۷	۱۹۵۶	پروفیسر عبدالصمد صاحب عربک کالج	گ/	۲۶	۱۹۷۵	امجد حسین خاں صاحب نئی سڑک	۴/	۴۶	۱۹۹۵	ڈی۔ ایم ملک صاحب عیدگاہ روڈ	عہ/
۸	۱۹۵۷	احسن حامد علی صاحب مکتبہ جامعہ	صہ/	۲۷	۱۹۷۶	شیخ رفیع الدین صاحب باڑہ ہندو راؤ	صہ/	۴۷	۱۹۹۶	ملک غلام محمد صاحب "	عہ/
۹	۱۹۵۸	لیڈی ڈاکٹر صاحبہ ایف۔ ڈی محمود صاحب۔ چاندنی چوک	صہ/	۲۸	۱۹۷۷	احمد سلام خاں صاحب کلاں محل	صہ/	۴۸	۱۹۹۷	سید محمد شفیع صاحب تیلی قبر	۲/
۱۰	۱۹۵۹	محمد ابراہیم صاحب گلی سوئیوالان	۴/	۲۹	۱۹۷۸	بابو تلوکی ناتھ صاحب "	عہ/	۴۹	۱۹۹۸	شیخ محمد شفیع صاحب "	۲/
۱۱	۱۹۶۰	علاء الدین صاحب باڑہ ہندو راؤ	۸/	۳۰	۱۹۷۹	مقصود حسن صاحب بلیماران	عہ/	۵۰	۱۹۹۹	عبدالحق صاحب چاندنی چوک	صہ/
۱۲	۱۹۶۱	مولوی سید احمد صاحب قرول باغ	۱۲/	۳۰	۱۹۸۰	زاہد حسین صاحب نئی دہلی	صہ/	۵۱	۲۰۰۰	غلام سبطین صاحب بڑا دواخانہ	گ/
۱۳	۱۹۶۲	حاجی عباد اللہ خاں صاحب سبزی منڈی	گ/	۳۲	۱۹۸۱	رفیق احمد صاحب "	عہ/	۵۲	۲۲۵۱	مولانا بشیر احمد صاحب فتحپوری	عہ/
۱۴	۱۹۶۳	محمد دیانت خاں صاحب "	۸/	۳۳	۱۹۸۲	حاجی قادر بخش مولا بخش صاحبان صدر بازار	ے/	۵۳	۲۲۵۲	ظاہر علی صاحب نئی دہلی	عہ/
۱۵	۱۹۶۴	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴/	۳۴	۱۹۸۳	میاں محمد رفیق اینڈ کمپنی "	عہ	۵۴	۲۲۵۳	محمود علی صاحب "	للعہ
۱۶	۱۹۶۵	زرین خاں صاحب "	گ/	۳۵	۱۹۸۴	منشی خورشید عالم صاحب	صہ/	۵۵	۲۲۵۴	محمد سلیمان صاحب انجینیر "	عہ/
۱۷	۱۹۶۶	سید شمس الدین صاحب قرول باغ	سلے/	۳۶	۱۹۸۵	محمد عبدالخالق شہاب الدین صاحبان صدر بازار	گ/	۵۶	۲۲۵۵	ایم۔ یامین صاحب "	عہ/
۱۸	۱۹۶۷	سید حفیظ الدین صاحب "	ے/	۳۷	۱۹۸۶	امین مولا بخش مہر دین صاحبان "	عہ/	۵۷	۲۲۵۶	مولانا اصغر علی صاحب فتحپوری	۴/
۱۹	۱۹۶۸	آغا محمد امین صاحب "	عہ/	۳۸	۱۹۸۷	منشی محمد احسن صاحب "	۸/	۵۸	۲۲۵۷	صوفی محمد صغیر حسن صاحب "	عہ/
				۳۹	۱۹۸۸	منشی زین العابدین صاحب "	۴/	۵۹	۲۲۵۸	محمد شفیع صاحب "	۴/

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم
۶۰	۲۲۵۹ بی	مولوی محمد احمد صاحب فتح پوری	عہ ر	۸۲	۲۲۸۱ بی	محمد حسین صاحب پنجابی اسکول	۱۲ر	۱۰۴	۲۳۰۳ بی	منشی غفران الدین صاحب سبزی منڈی	۴ر
۶۱	۲۲۶۰ ،	محمد اسمعیل صاحب فتح پوری	۴ر	۸۳	۲۲۸۲ ،	نیاز احمد صاحب ،	۴ر	۱۰۵	۲۳۰۴ ،	حافظ عبد الحکیم حبیب الرحمٰن صاحبان. سبزی منڈی	۸ر
۶۲	۲۲۶۱ ،	قدیر عالم صاحب عباسی پہاڑ گنج	عمہ	۸۴	۲۲۸۳ ،	محمد کاظم حسین صاحب ،	عہ ر	۱۰۶	۲۳۰۵ ،	مرزا فیاض بیگ صاحب ،	۴ر
۶۳	۲۲۶۲ ،	خواجہ سرور حسن صاحب یونیورسٹی ہال	للعہ ر	۸۵	۲۲۸۴ ،	محب حسین صاحب ،	۴ر	۱۰۷	۲۳۰۶ ،	حکیم عبد الرزاق صاحب ترا بہرام خاں	۴ر
۶۴	۲۲۶۳ ،	حکیم مسعود حسن صاحب سبزی منڈی	عگ ر	۸۶	۲۲۸۵ ،	قمر الدین صاحب ،	۴ر	۱۰۸	۲۳۰۷ ،	منشی حشمت اللہ صاحب گلی ماتا والی	عہ ر
۶۵	۲۲۶۴ ،	سلیم الزماں صاحب صدیقی طبیہ کالج	للعہ ر	۸۷	۲۲۸۶ ،	عبد الحق سراج الحق صاحبان فتح پوری	عمہ	۱۰۹	۲۳۰۸ ،	منشی علی احمد صاحب ،	عہ ر
۶۶	۲۲۶۵ ،	شبلی سلیم الزماں صاحب صدیقی ،	عگ ر	۸۸	۲۲۸۷ ،	کلو صاحب تالے والے چاندنی چوک	۴ر	۱۱۰	۲۳۰۹ ،	سید محمد اختر حسین صاحب محلہ نیاریان	۴ر
۶۷	۲۲۶۶ ،	حکیم فرید احمد صاحب عباسی ،	۸ر	۸۹	۲۲۸۸ ،	شمس العارفین صاحب فتح پوری	عہ ر	۱۱۱	۲۳۱۰ ،	محمد شفیع محمد خلیل صاحبان صدر بازار	۸ر
۶۸	۲۲۶۷ ،	ناصر حسین صاحب موری گیٹ	۴ر	۹۰	۲۲۸۹ ،	احمد حسن خاں صاحب چاندنی چوک	عگ ر	۱۱۲	۲۳۱۱ ،	عبد الجلیل صاحب ،	۲ر
۶۹	۲۲۶۸ ،	محمد شفیق صاحب ،	عہ ر	۹۱	۲۲۹۰ ،	ظہیر الدین صاحب چشتی ،	عگ ر	۱۱۳	۲۳۱۲ ،	مرغوب احمد صاحب ،	عگ ر
۷۰	۲۲۶۹ ،	شمس الدین صاحب محلہ ذوردالان	۴ر	۹۲	۲۲۹۱ ،	لیڈی ڈاکٹر ایف. ڈی محمود صاحبہ	عہ ر	۱۱۴	۲۳۱۳ ،	حافظ محمد ابراہیم صاحب اینڈ کو ،	سے ر
۷۱	۲۲۷۰ ،	سید احمد صاحب گلی کلیان سنگھ	۴ر	۹۳	۲۲۹۲ ،	حاجی شیخ نبی عبد الرزاق صاحب محلہ سرکیوالان	عہ	۱۱۵	۲۳۱۴ ،	حاجی عبد اللہ لیاقت حسین صاحبان ،	۸ر
۷۲	۲۲۷۱ ،	محبوب صاحب انصاری ،	۴ر	۹۴	۲۲۹۳ ،	بیگم عبد المتین صاحب قرول باغ	للعہ ر	۱۱۶	۲۳۱۵ ،	منشی محمد داؤد صاحب ،	۴ر
۷۳	۲۲۷۲ ،	میاں اللہ بخش محمد سعید صاحبان موری گیٹ	سے ر	۹۵	۲۲۹۴ ،	محمد زبیر صاحب قریشی کٹرہ گوکل شاہ	عمہ	۱۱۷	۲۳۱۶ ،	رحمت اللہ صاحب [illegible] منزل قرول باغ	عگ ر
۷۴	۲۲۷۳ ،	محمد یٰسین صاحب کشمیری گیٹ	عہ ر	۹۶	۲۲۹۵ ،	ڈاکٹر محمد شریف صاحب چتلی قبر	عہ ر	۱۱۸	۲۳۱۷ ،	ڈاکٹر حسین بخش صاحب پہاڑ گنج	۴ر
۷۵	۲۲۷۴ ،	ایم. اکرام الدین صاحب حوض قاضی	۴ر	۹۷	۲۲۹۶ ،	حکیم احمد حسن خاں صاحب ،	۲ر	۱۱۹	۲۳۱۸ ،	این. آر. ملکانی صاحب ہریجن کولونی	عمہ
۷۶	۲۲۷۵ ،	بیگم صاحبہ مولوی ظفر حسن صاحب دہلی دروازہ	عہ	۹۸	۲۲۹۷ ،	سرفراز الحق صاحب مسجد کالیناں	۴ر	۱۲۰	۲۳۱۹ ،	شیخ محمد رفیع صاحب بلیماران	۴ر
۷۷	۲۲۷۶ ،	سید سلیم الدین صاحب چتلی قبر	۴ر	۹۹	۲۲۹۸ ،	حکیم محمد طاہر علی صاحب سہوانی دریا گنج	عہ ر	۱۲۱	۲۳۲۰ ،	محمد صدیق محمد عمر صاحبان ،	سے ر
۷۸	۲۲۷۷ ،	حکیم شریف الدین صاحب ،	۴ر	۱۰۰	۲۲۹۹ ،	رازق الخیری صاحب کوچہ چیلان	عہ ر	۱۲۲	۲۳۲۱ ،	عبد الوحید خاں صاحب ،	۴ر
۷۹	۲۲۷۸ ،	سید نصیر الدین صاحب محلہ چوڑیوالان	عہ ر	۱۰۱	۲۳۰۰ ،	ضیاء الدین صاحب ورق والے پھاٹک حبش خاں	۱۲ر	۱۲۳	۲۳۲۲ ،	عبد الرب صاحب کوچہ خانچند	عگ ر
۸۰	۲۲۷۹ ،	محمد عارف صاحب صدر بازار	عہ ر	۱۰۲	۲۳۰۱ ،	محمد اسمعیل صاحب قرول باغ	۸ر	۱۲۴	۲۳۲۳ ،	نظام الدین صاحب چاندنی چوک	۴ر
۸۱	۲۲۸۰ ،	نور الٰہی صاحب اینڈ کمپنی قطب روڈ	عہ	۱۰۳	۲۳۰۲ ،	حاجی نور الدین صاحب سبزی منڈی	۴ر	۱۲۵	۲۳۲۴ ،	محمد ادریس صاحب باڑی کٹرہ قطب الدین	عہ
								۱۲۶	۲۳۲۵ ،	حافظ رحمت الٰہی محمد بلال صاحبان ،	۴ر

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	تعداد چندہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	تعداد چندہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	تعداد چندہ
۱۲۷	۲۳۲۶ وی	شیخ محمد ادریس صاحب چاندنی چوک	۲ر	۱۴۹	۲۳۴۸ وی	بدر الدین صاحب کلاں محل	۸ر	۱۷۱	۲۳۷۰ وی	حافظ نور محمد صاحب صدر بازار	عہ
۱۲۸	۲۳۲۷	شمس العارفین صاحب ،	۴ر	۱۵۰	۲۳۴۹	شیخ محمد تقی صاحب چاندنی چوک	عہ	۱۷۲	۲۳۷۳	حاجی محبوب بخش رفیع الدین صاحبان	صہ
۱۲۹	۲۳۲۸	رفیع اللہ خان صاحب فتحپوری	۸ر	۱۵۱	۲۳۵۰	حاجی عبد الغنی فضل حق صاحبان بلیماران	لعہ	۱۷۳	۲۳۷۴	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب	۴ر
۱۳۰	۲۳۲۹	آفتاب الدین صاحب ،	عہ					۱۷۴	۲۳۷۵	شیخ محمد سعید صاحب ،	۴ر
۱۳۱	۲۳۳۰	محبوب الٰہی صاحب ،	۸ر	۱۵۲	۲۳۵۱	مفتی کمال الدین صاحب چاندنی چوک	صہ	۱۷۵	۲۳۷۶	شیخ انیس الرحمن صاحب ،	۴ر
۱۳۲	۲۳۳۱	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب کٹرہ بڑیان	صہ	۱۵۳	۲۳۵۲	قدیر الدین احمد صاحب بلیماران	عہ	۱۷۶	۲۳۷۷	محمد سعید صاحب امام جی والے حافظ بنہ کی سرائے	۴ر
۱۳۳	۲۳۳۲	عبد الرزاق محمد اسحاق صاحبان کوچہ خانچند	عہ	۱۵۴	۲۳۵۳	محمد صدیق صاحب ملتانی صدر بازار	عسہ				
				۱۵۵	۲۳۵۴	محمد الیاس صاحب نواب گنج	صہ	۱۷۷	۲۳۷۸	حافظ سراج الدین صاحب چوڑیوالان	۲ر
۱۳۴	۲۳۳۳	میاں حاجی منور الدین محمد اکرام صاحبان صدر بازار	صہ	۱۵۶	۲۳۵۵	عبد اللطیف صاحب گلی بیت والی	۲ر	۱۷۸	۲۳۷۹	میر محمد حسین صاحب سرکیوالان	عہ
				۱۵۷	۲۳۵۶	سراج الدین صاحب صدر بازار	۴ر	۱۷۹	۲۳۸۰	محمد تقی صاحب اینڈ سنز چاندنی چوک	۴ر
۱۳۵	۲۳۳۴	محمد صادق صاحب ،	۸ر	۱۵۸	۲۳۵۷	حاجی سید عبد الغنی صاحب ،	۸ر	۱۸۰	۲۳۸۱	حکیم ذکی احمد صاحب بلیماران	عہ
۱۳۶	۲۳۳۵	اللہ یار صاحب ،	۴ر	۱۵۹	۲۳۵۸	حاجی بشیر احمد صاحب بلیماران	۸ر	۱۸۱	۲۳۸۲	حافظ مشتاق احمد صاحب کٹرہ قطب الدین	سے
۱۳۷	۲۳۳۶	سعید احمد خان صاحب ،	لعہ	۱۶۰	۲۳۵۹	وحید الدین احمد صاحب ،	عہ				
۱۳۸	۲۳۳۷	مرزا المعز سلطان شاکر صاحب ،	لعہ	۱۶۱	۲۳۶۰	محمد شفیع صاحب ،	سعہ	۱۸۲	۲۳۸۳	محمد ایوب صاحب گلی بیت والی	۴ر
۱۳۹	۲۳۳۸	عبد اللہ خان صاحب اکبر پوری ،	۸ر	۱۶۲	۲۳۶۱	آغا عبد الحمید صاحب کوچہ قابل عطار	سے	۱۸۳	۲۳۸۴	محمد سلیمان محمد عثمان صاحبان کھاری باؤلی	صہ
۱۴۰	۲۳۳۹	میاں فیض محمد صاحب ،	عہ	۱۶۳	۲۳۶۲	قادر بخش عبد الخالق صاحبان صدر بازار	عہ				
۱۴۱	۲۳۴۰	میاں عبد الرشید صاحب ،	عہ	۱۶۴	۲۳۶۳	محمد سلام صاحب چاندنی چوک	سے	۱۸۴	۲۳۸۵	امین عصمت اللہ محمد سلطان صاحبان چاندنی چوک	صہ
۱۴۲	۲۳۴۱	عبد المجید صاحب ،	سے	۱۶۵	۲۳۶۴	مقبول احمد صاحب باغیچی بچو جی	لعہ				
۱۴۳	۲۳۴۲	اقبال حسین صاحب میونسپل آفس	عہ	۱۶۶	۲۳۶	محبوب الٰہی محمد امین صاحبان کٹرہ قطب الدین	صہ	۱۸۵	۲۳۸۶	حاجی شرف الدین محمد امین صاحبان صدر بازار	سے
۱۴۴	۲۳۴۳	ڈاکٹر نور احمد صاحب بلیماران	لعہ								
۱۴۵	۲۳۴۴	شیخ رفیع الدین صاحب باڑہ ہندو راؤ	عہ	۱۶۷	۲۳۶۶	عبد الرحیم محبوب الٰہی صاحبان ،	۴ر	۱۸۶	۲۳۸۷	محمد حسین خان صاحب مسلم ہوٹل دہلی اسٹیشن	۸ر
۱۴۶	۲۳۴۵	حاجی چھوٹے خان صاحب گندہ نالہ	۸ر	۱۶۸	۲۳۶۷	نسیم احمد خان صاحب کشمیری گیٹ	۴ر	۱۸۷	۲۳۸۸	عزیز محمد صاحب چاندنی چوک	۴ر
۱۴۷	۲۳۴۶	مولوی قدرت اللہ صاحب مشن کالج	۴ر	۱۶۹	۲۳۶۸	سید عبد الحی صاحب کوچہ پنڈت	ہر	۱۸۸	۲۳۸۹	حافظ شہاب الدین صاحب لال کنواں	۴ر
۱۴۸	۲۳۴۷	افتخار احمد صاحب شروانی ،	۴ر	۱۷۰	۲۳۶۹	حافظ محمد عطاء اللہ صاحب صدر بازار	۸ر	۱۸۹	۲۳۹۰	چودھری رحیم بخش صاحب پھاٹک حبش خاں	سے

[illegible]	[illegible]	اسم گرامی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اسم گرامی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اسم گرامی	[illegible]
۱۹۰	۲۳۹۱ بی	ایم ذکاء اللہ صاحب لال دروازہ	صہ/	۱۰	۲۰۰۹ بی	دوست محمد صاحب کلکتہ	صہ/	۳۴	۲۱۱۳ بی	اے رحمان بلدفانی صاحب بلور	۸/
۱۹۱	۲۳۹۲	انوار الحق ایس-اے عرفانی صاحبان کوچہ چانپید	صہ/	۱۱	۲۰۹۰	شیخ محمد رفیع صاحب "	سے/	۳۵	۲۱۱۴	ایم۔ ایوب ولی محمد صاحب "	۴/
				۱۲	۲۰۹۱	سید محمد تقی صاحب	۴/	۳۶	۲۱۱۵	قاسم دادا صاحب "	۴/
۱۹۲	۲۳۹۳	حاجی محمد ابراہیم محمد صدیق صاحبان کٹڑہ قطب الدین	للعہ/	۱۳	۲۰۹۲	مولوی محمد اسحاق صاحب	۸/	۳۷	۲۱۱۶	اے-جی دبرانی صاحب "	۴/
				۱۴	۲۰۹۳	مولوی حضور احمد صاحب نظامی "	۸/	۳۸	۲۱۱۷	اے-ایس-اے فضل صاحب "	صہ/
۱۹۳	۲۷۵۱	سید محمد ذوالفقار صاحب صدر بازار	عہ/	۱۵	۲۰۹۴	دیدار احمد صاحب "	عہ/	۳۹	۲۱۱۸	اہلیہ صاحبہ یوسف ایم اکیانی صاحب "	۸/
۱۹۴	۱۵۹۰	طالب علی شاہ صاحب دفتر گورنمنٹ آف انڈیا	عا/	۱۶	۲۰۹۵	ایم آر ذکی صاحب "	عہ/	۴۰	۲۱۱۹	حلیمہ روشن فاطمہ صاحبہ "	عہ/
				۱۷	۲۰۹۶	محمد ابراہیم معراج الدین صاحب "	عہ/	۴۱	۲۱۲۰	شیخ عبدالرشید صاحب کلکتہ	عہ/
۱۹۵	۱۵۹۱	مولانا محمد مختار صاحب "	عا/	۱۸	۲۰۹۷	الہ بخش غنی صاحبان محمد سعید محمد شریف صاحبان "	سے/	۴۲	۲۱۲۱	شیخ محمد سعید صاحب "	صہ
۱۹۶	۱۵۹۲	محمد سلام صاحب "	۸/	۱۹	۲۰۹۸	قاضی محمد بشیر صاحب "	عہ/	۴۳	۲۱۲۲	میاں محمد یوسف صاحب سہگل "	۸/
۱۹۷	۱۵۹۳	خواجہ محمد یوسف شاہ صاحب "	۸/	۲۰	۲۰۹۹	محمد احمد صاحب "	عہ/	۴۴	۲۱۲۳	محمد سرور صاحب "	عہ/
۱۹۸	۱۵۹۴	شیخ عبداللہ جان صاحب "	صہ ۱۲/	۲۱	۲۱۰۰	محمد صالحین صاحب "	عا/	۴۵	۲۱۲۴	مولوی عبدالقدیر صاحب "	۴/
۱۹۹	۱۵۹۵	سید باقر حسین صاحب	۲/	۲۲	۲۱۰۱	ایف-اے خانصاحب بلور	۸/	۴۶	۲۱۲۵	نذیر خانصاحب "	۸/
		۳۸۹ مالعہ		۲۳	۲۱۰۲	مس کی۔ کی خانصاحب "	۴/	۴۷	۲۱۲۶	مولوی محمد مبین صاحب "	عہ/
		بنگال		۲۴	۲۱۰۳	مس آر-ایس خانصاحب "	۴/	۴۸	۲۱۲۷	مولوی حکیم عبدالحکیم صاحب	۸/
۱	۲۰۸۰ بی	محمد ہادی صاحب کلکتہ	۴/	۲۵	۲۱۰۴	محمد عثمان اجمیری صاحب "	۴/	۴۹	۲۱۲۸	دین محمد صاحب "	[illegible]
۲	۲۰۸۱	مولوی شمس الحق صاحب "	عہ/	۲۶	۲۱۰۵	علی محمد عثمان اجمیری صاحب "	۸/	۵۰	۲۱۲۹	حامد سعید صاحب "	۸/
۳	۲۰۸۲	سید احمد فضل صاحب "	عہ/	۲۷	۲۱۰۶	محمد عمر عثمان اجمیری صاحب "	۸/	۵۱	۲۱۳۰	حاجی محمد رفیع صاحب "	۸/
۴	۲۰۸۳	اسحاق اسمٰعیل صاحبان "	۸/	۲۸	۲۱۰۷	عبدالکریم صاحب "	عہ/	۵۲	۲۱۳۱	شیر علی اصغر علی صاحبان "	۸/
۵	۲۰۸۴	اللہ بخش دوست محمد صاحبان "	۸/	۲۹	۲۱۰۸	اے۔ ایم خیرادی صاحب "	۸/	۵۳	۲۱۳۲	ملا محمد عاشقین صاحب "	۴/
۶	۲۰۸۵	شیخ محمد فاروق صاحب "	عہ/	۳۰	۲۱۰۹	عبدالعزیز فتح محمد صاحب "	۲/	۵۴	۲۱۳۳	مولوی عبدالمجید صاحب "	۸/
۷	۲۰۸۶	محمد کامل صاحب "	عہ/	۳۱	۲۱۱۰	عمر حاجی ولی محمد صاحب "	۴/	۵۵	۲۱۳۴	ریاض بہادر خانصاحب "	۸/
۸	۲۰۸۷	شیخ کالا چاند صاحب "	۴/	۳۲	۲۱۱۱	اے-غنی ملا صاحب "	۸/	۵۶	۲۱۳۵	سید ریحان احمد صاحب "	۴/
۹	۲۰۸۸	عبدالحامد بیگ صاحب چغتائی "	صہ/	۳۳	۲۱۱۲	عبدالوہاب صاحب	۴/	۵۷	۲۱۳۶	عزیزہ ریحان احمد صاحبہ "	۴/

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم
۵۸	۲۱۳۷ء بی	مولوی ابو احمد محمد اکرم صاحب کلکتہ	۴ر	۸۲	۲۱۶۱ء بی	محمد تقی باڑی صاحب بی۔ اے کلکتہ	عہ ر	۱۰۶	۲۱۸۵ء بی	محمد نقی صاحب کلکتہ	۸ر
۵۹	۲۱۳۸ء	مولوی ظل الرحمن صاحب ء	عہ ر	۸۳	۲۱۶۲ء	میاں محمد حیات صاحب ء	سے ر	۱۰۷	۲۱۸۶ء	شیخ محمد صدیق صاحب ء	عا ر
۶۰	۲۱۳۹ء	مولوی نصیر الدین صاحب ء	۲ر	۸۴	۲۱۶۳ء	حاجی عبدالوہاب صاحب ء	لعہ ر	۱۰۸	۲۱۸۷ء	عرفان الٰہی صاحب ء	عہ ر
۶۱	۲۱۴۰ء	عبدالعزیز صاحب انصاری ء	عہ ر	۸۵	۲۱۶۴ء	صاحب زماں صاحب ء	۴ر	۱۰۹	۲۱۸۸ء	مولوی بشیر حسن صاحب ء	۱۲ر
۶۲	۲۱۴۱ء	صادق برادرس ء	سے ر	۸۶	۲۱۶۵ء	سلطان احمد صاحب ء	۸ر	۱۱۰	۲۱۸۹ء	عبدالخالق صاحب ء	عہ ر
۶۳	۲۱۴۲ء	گرانڈ دلیج کمپنی ء	عا ر	۸۷	۲۱۶۶ء	اسمٰعیل یعقوب اجوہ صاحب ء	۴ر	۱۱۱	۲۱۹۰ء	حکیم عبداللہ صاحب گنائی ء	۸ر
۶۴	۲۱۴۳ء	مولوی محمود خانصاحب ء	۲ر	۸۸	۲۱۶۷ء	عبدالرزاق صاحب ء	۸ر	۱۱۲	۲۱۹۱ء	معراج الدین صاحب ء	۴ر
۶۵	۲۱۴۴ء	ایس۔ ایم فیاض اینڈ کو ء	عا ر	۸۹	۲۱۶۸ء	محمد یوسف صاحب انبالوی ء	عہ ر	۱۱۳	۲۱۹۲ء	ایم۔ اسمٰعیل اینڈ کو ء	عہ ر
۶۶	۲۱۴۵ء	مولوی مطیع الرحمن صاحب ء	۸ر	۹۰	۲۱۶۹ء	اے۔ ایس عبدالحمید صاحب ء	عہ ر	۱۱۴	۲۱۹۳ء	محمد سعید میداں صاحب ء	۸ر
۶۷	۲۱۴۶ء	ملا محمد فاضل کریم صاحبان ء	سہ ر	۹۱	۲۱۷۰ء	حبیب علی محمد صاحب ء	۴ر	۱۱۵	۲۱۹۴ء	عبدالسلام صاحب ء	عا ر
۶۸	۲۱۴۷ء	مولوی محمد یحیٰی صاحب ء	۸ر	۹۲	۲۱۷۱ء	ایس۔ اے عباسی صاحب ء	سے ر	۱۱۶	۲۱۹۵ء	رحیم الدین احمد صاحب ء	عہ ر
۶۹	۲۱۴۸ء	غلام حسین صاحب ء	۸ر	۹۳	۲۱۷۲ء	محمد یٰسین محمد جان صاحبان ء	۸ر	۱۱۷	۲۱۹۶ء	عبدالجبار صاحب ء	عہ ر
۷۰	۲۱۴۹ء	محمد سمیع احمد صاحب ء	عہ ر	۹۴	۲۱۷۳ء	یونائٹڈ ڈیگل کمپنی ء	۸ر	۱۱۸	۲۱۹۷ء	محمد یوسف صاحب ء	عا ر
۷۱	۲۱۵۰ء	فضل احمد صاحب ء	عہ ر	۹۵	۲۱۷۴ء	عبدالمنان صاحب ء	عہ ر	۱۱۹	۲۱۹۸ء	محمد بشیر صاحب ء	عا ر
۷۲	۲۱۵۱ء	ایس۔ ایم الیاس صاحب ء	سے ر	۹۶	۲۱۷۵ء	محمد عثمان صاحب ء	عہ ر	۱۲۰	۲۱۹۹ء	ظہور الدین صاحب ء	۴ر
۷۳	۲۱۵۲ء	ایم۔ ایس صفی صاحب ء	عہ ر	۹۷	۲۱۷۶ء	عبدالاحد صاحب سنبھلی ندوی ء	۱۲ر	۱۲۱	۲۲۰۰ء	محمد امین صاحب ء	عہ ر
۷۴	۲۱۵۳ء	محمد اسمٰعیل اینڈ سنز ء	۴ر	۹۸	۲۱۷۷ء	انوار حسن صاحب ء	۸ر	۱۲۲	۲۲۰۱ء	صوفی شاہ عبدالحمید خانصاحب ء	۴ر
۷۵	۲۱۵۴ء	مولوی نور محمد صاحب ء	۱۲ر	۹۹	۲۱۷۸ء	میاں محمد جان اسروائے صاحب ء	سے ر	۱۲۳	۲۲۰۲ء	عتیق الرحمن صاحب ء	۸ر
۷۶	۲۱۵۵ء	رحمن الٰہی صاحب ء	عہ ر	۱۰۰	۲۱۷۹ء	سید محمد مبین الدین صاحب ء	۴ر	۱۲۴	۲۲۰۳ء	محفوظ الدین صاحب ء	۴ر
۷۷	۲۱۵۶ء	ہدایت اللہ صاحب ء	۸ر	۱۰۱	۲۱۸۰ء	اکرام الدین عرف کلو میاں صاحب ء	۴ر	۱۲۵	۲۲۰۴ء	معراج الدین صاحب ء	۴ر
۷۸	۲۱۵۷ء	محمد دین صاحب ء	۸ر	۱۰۲	۲۱۸۱ء	محمد عاصم صاحب ء	عہ ر	۱۲۶	۲۲۰۵ء	حکیم الرحمن صاحب ء	عہ ر
۷۹	۲۱۵۸ء	رحیم الدین عبدالکریم صاحبان ء	عہ ر	۱۰۳	۲۱۸۲ء	آمنہ خاتون صاحبہ ء	عہ ر	۱۲۷	۲۲۰۶ء	حکیم نثار احمد خانصاحب ء	عہ ر
۸۰	۲۱۵۹ء	نور الرحمن صاحب ء	عہ ر	۱۰۴	۲۱۸۳ء	سعید الدین صاحب ء	۸ر	۱۲۸	۲۲۰۷ء	محمد اسحاق چاندنہ صاحب ء	سہ ر
۸۱	۲۱۶۰ء	سید احمد افضل صاحب ء	عہ ر	۱۰۵	۲۱۸۴ء	محمد میاں صاحب ء	۸ر	۱۲۹	۲۲۰۸ء	عبدالکریم صاحب ء	عہ ر

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	تعداد چندہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	تعداد چندہ	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	تعداد چندہ
۱۳۰	۲۲۰۹ بی	شیخ عبدالکریم صاحب کلکتہ	عہ ر	۱۲	۱۲۷۵ بی	بیگم صاحبہ عبدالمنعم صاحب عکظہ بمبئی	عہ ر	۳۵	۲۲۵۰ بی	ابو سعید نظام الدین صاحب کالو کھے بمبئی	۴ر
۱۳۱	۲۲۱۰ ،	محمد ہادی صاحب ،	۴ر	۱۳	۱۲۷۶ ،	عمر بن داؤد پوتہ صاحب ،	ہے	۳۶	۲۲۵۲ ،	محمد عبداللہ صاحب پردیسی ،	۴ر
۱۳۲	۲۲۱۱ ،	محمد میاں صاحب ،	۴ر	۱۴	۱۲۷۷ ،	رشیدا ندر عبدالعزیز صاحب خرد سے	عہ ر	۳۷	۲۲۵۳ ،	فقیر محمد صاحب قیصر ،	۴ر
۱۳۳	۲۲۱۲ ،	غلام محمد صاحب ،	۱۲ر			شہر یور دحن		۳۸	۲۲۵۴ ،	عبدالحمید صاحب کاتب ،	۴ر
۱۳۴	۲۲۱۵ ،	سید عزیز احمد صاحب ،	عہ ر	۱۵	۱۲۷۸ ،	شیخ احمد صاحب سنگلے بمبئی	۴ر	۳۹	۲۲۵۵ ،	احمد حبیب صاحب ،	ہے
۱۳۵	۲۲۱۶ ،	شیخ فضل الٰہی صاحب ،	عہ ر	۱۶	۱۲۷۹ ،	کریم داد خانصاحب بھوپالی ،	۸ر	۴۰	۲۲۵۶ ،	چودھری صاحب معرفت ڈی الز برادرز	عہ ر
۱۳۶	۲۲۱۲	حاجی چراغ دین صاحب پنجابی ،	ہے	۱۷	۱۲۸۰ ،	حسن علی علی بھائی صاحبان ،	۴ر	۴۱	۲۲۵۷ ،	عبدالغفور احمد صاحب ٹولکہ ،	عہ
۱۳۷	۲۲۳۰	حاجی عبدالکریم صاحب ،	للعہ	۱۸	۱۲۸۱ ،	محمد یوسف صاحب صدیق ،	۴ر	۴۲	۲۲۶۰ ،	فاطمہ یحییٰ نوکر یار ادریس ،	۴ر
۱۳۸	۲۲۴۸	مسٹر زوالفور خاں رحیم خاں پنڈولم	عہ	۱۹	۱۲۸۲ ،	قاضی امیرالدین صاحب خطیب ،	۴ر	۴۳	۲۲۶۱ ،	محمد عبدالحمید خانصاحب بوہیرے ،	۴ر
۱۳۹	۲۲۴۹	حاجی فضل الٰہی صاحب	لا ر	۲۰	۱۲۸۳ ،	ابوبکر صاحب چھوٹانی ،	عہ ر	۴۴	۲۲۶۲ ،	قاضی عبدالرحمن صاحب جیانی تلا	۴
		۲۲۴ رما للعہ		۲۱	۱۲۸۴ ،	رحیم اللہ صاحب ہیڈ ماسٹر ،	۸ر	۴۵	۲۲۶۳ ،	رئیس احمد صاحب جعفری بمبئی	عہ
				۲۲	۱۲۸۵ ،	حکیم عبدالرحمن صاحب ،	۴ر	۴۶	۲۲۶۴ ،	قاضی عبدالرؤف صاحب پٹیلانی ،	۴ر
		بمبئی		۲۳	۱۲۸۶ ،	سید حاجی عبداللہ سید امیر علی صاحبان ،	۸ر	۴۷	۲۲۶۵ ،	خلیل الرحمن صاحب شہر یور دحن	۴ر
۱	۱۲۶۴ بی	قاضی عبدالرحمن صاحب تلیاتی تلا	۴ر	۲۴	۱۲۸۸ ،	حبیب رحیم صاحب پرپیا ،	عہ ر	۴۸	۲۲۶۶ ،	پیر محمد صاحب ابن جان محمد صاحب	۴ر
۲	۱۲۶۵ ،	مرزا اختر حسن صاحب وکیل بمبئی	عہ	۲۵	۱۲۸۹ ،	شیخ احمد عبداللطیف صاحب ،	۴ر			بمبئی	
۳	۱۲۶۶ ،	معین الدین حارث صاحب ،	عہ	۲۶	۱۲۹۰ ،	فقیہ عباس صاحب آرائی ،	۸ر	۴۹	۲۲۶۷ ،	قاضی عبداللطیف صاحب ،	۴ر
۴	۱۲۶۷ ،	اہلیہ صاحبہ معین الدین حارث صاحب	عہ	۲۷	۱۲۹۱ ،	ابراہیم حمادی صاحب ،	۴ر	۵۰	۲۲۶۹ ،	عبدالحمید صاحب نعمانی ،	۴ر
۵	۱۲۶۸ ،	عثمان حسین خانصاحب ،	عہ	۲۸	۱۲۹۲ ،	خواجہ احمد عباس صاحب ،	عا ر	۵۱	۲۲۷۱ ،	عبدالسلام صاحب ،	۴ر
۶	۱۲۶۹ ،	ایم۔ اے باسط صاحب ،	عہ	۲۹	۱۲۹۴ ،	آئی۔ کے خانصاحب ،	۴ر	۵۲	۲۲۲۸	قاضی محمد مرتضیٰ صاحب کراچی	سے
۷	۱۲۷۰ ،	محمد بشیر و علی محمد صاحبان ،	عہ	۳۰	۱۲۹۵ ،	یونس خاں بن خانصاحبان ،	۴ر	۵۳	۲۳۰۶	ڈاکٹر اے۔ سعید صاحب ،	تا ر
۸	۱۲۷۱ ،	محمد ابراہیم علی صاحب قزلباش ،	عا ر	۳۱	۱۲۹۶ ،	محمود حسین صاحب مقری ،	۸ر	۵۴	۲۴۴	قاضی خدا بخش صاحب ،	ے
۹	۱۲۷۲ ،	قاضی بابو صاحب بیسلانی ،	۴ر	۳۲	۱۲۹۷ ،	اے۔ ایچ عبدالحمید صاحب ،	عہ ر			۱۰۱ مبلغ	
۱۰	۱۲۷۳ ،	ایس۔ ایم۔ ابراہیم صاحب ،	عہ	۳۳	۱۲۹۸ ،	علی حاجی یوسف سوبانی صاحب ،	عہ ر			**یو۔ پی**	
۱۱	۱۲۷۴ ،	عبدالعزیز غلام نبی صاحب ،	۴ر	۳۴	۱۲۹۹ ،	ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب ،	عا ر	۱	۱۵۱ بی	محمد عقیل صاحب علیگڈھ	عہ ر

نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم	نمبر شمار	نمبر رسید	اسم گرامی	رقم
۲	۱۳۵۳ بی	مولوی انوار الہدیٰ صاحب علیگڈھ	عہ ر	۲۶	۱۳۷۷ بی	معصوم علی صاحب علیگڈھ	۴ر	۵۰	۱۴۸۹ بی	حاجی عبدالرحمن صاحب بنارس	للعہ ر
۳	۱۳۵۴	سید محمد ذوکی صاحب ،	عہ ر	۲۷	۱۳۷۸	رفیع علی صاحب انوری ،	۱۲ر	۵۱	۱۴۹۰	محمد ابوالقاسم صاحب ،	سے ر
۴	۱۳۵۵	ملک مشتاق حسین صاحب ،	۱۲ر	۲۸	۱۳۷۹	دوست محمد خانصاحب ،	عہ ر	۵۲	۱۴۹۱	شیخ عبدالغنی صاحب ،	ما ر
۵	۱۳۵۶	شمس الحسن صاحب ،	عہ ر	۲۹	۱۳۸۰	اختر حسین صاحب ،	سہ ر	۵۳	۱۴۹۲	شیو پرشاد صاحب گپت ،	سعہ ر
۶	۱۳۵۷	محمد انس خانصاحب ،	ما ر	۳۰	۱۳۸۱	رشید احمد صاحب صدیقی ،	ما ر	۵۴	۱۴۹۳	مولوی عبدالستار صاحب نعمانی ،	ما ر
۷	۱۳۵۸	مرزا ابراہیم بیگ صاحب ،	سے ر	۳۱	۱۳۸۲	بیگم صاحبہ رشید احمد صاحب ،	ما ر	۵۵	۱۴۹۴	حاجی شمس الحق صاحب اینڈ سنز ،	سے ر
۸	۱۳۵۹	خانبہادر حبیب سرخانصاحب ،	ما ر	۳۲	۱۳۸۳	ڈاکٹر ازہر قدوائی صاحب ،	سے ر	۵۶	۱۴۹۵	مسرز آر۔ بی۔ تلنگن ،	عہ ر
۹	۱۳۶۰	محمد فاتح فرخ صاحب ،	للعہ ر	۳۳	۱۳۸۴	محمود ولی صاحب ،	عہ ر	۵۷	۱۴۹۶	حاجی عبدالعزیز خاں عبدالغنی خاں صاحبان ،	سعہ ر
۱۰	۱۳۶۱	عنایت علی خانصاحب ،	سے ر	۳۴	۱۳۸۵	مسز مولوی نصیر الدین صاحب علوی ،	ما ر	۵۸	۱۴۹۷	سرفراز علی صاحب زیدی ،	سے ر
۱۱	۱۳۶۲	غلام ربانی صاحب صدیقی ،	عہ ر	۳۵	۱۳۸۶	خواجہ عبدالعلی صاحب ،	للعہ ر	۵۹	۱۵۰۰	مولانا عبدالمجید صاحب ملا فاضل ،	صہ ر
۱۲	۱۳۶۳	اوصاف احمد صاحب زیدی ،	۸ر	۳۶	۱۳۸۷	انظار الحق صاحب فاروقی ،	صہ ر	۶۰	۱۳۰۱	مولوی علی حسن صاحب قدوائی جوبہو	سے ر
۱۳	۱۳۶۴	خانبہادر حبیب اللہ خانصاحب ،	عہ ر	۳۷	۱۳۸۸	آل احمد صاحب سرور ،	سہ ر	۶۱	۱۳۰۲		ما ر
۱۴	۱۳۶۵	سید بشیر علی صاحب ،	صہ ر	۳۸	۱۳۸۹	مولانا حکیم محمد ظہیر الدین صاحب ،	ما ر	۶۲	۱۳۰۳	محمد عمر صاحب جعفری جونپور	سے ر
۱۵	۱۳۶۶	خواجہ بیگم خواجہ منظور حسین صاحب ،	سعہ ر	۳۹	۱۳۹۰	پروفیسر محمد حبیب صاحب ،	سہ ر	۶۳	۱۳۰۴	مولانا محمد حسن جعفری مچھلی شہر	صہ ر
۱۶	۱۳۶۷	میاں محمد شریف صاحب ،	للعہ ر	۴۰	۱۳۹۱	محمد صفی الحق صاحب ،	۴ر	۶۴	۱۳۰۵	محمد الیاس صاحب انصاری اعظم گڈھ	عہ ر
۱۷	۱۳۶۸	ملک مشتاق حسین صاحب ،	۴ر	۴۱	۱۳۹۲	محمد انور صاحب صمدانی ،	صہ ر	۶۵	۱۳۰۶	مرزا احسان احمد بیگ صاحب ،	للعہ
۱۸	۱۳۶۹	اوصاف احمد صاحب ،	۴ر	۴۲	۱۳۹۳	پروفیسر محمد حاذق صاحب ،	عہ ر	۶۶	۱۶۰۱	بیگم صاحبہ ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب علیگڈھ	ما ر
فیصلہ کیا گیا ہی کہ پہلے سال صرف ۲۵ طلبہ داخل کئے جائیں۔ اگر آپ اپنے مدرسوں کے استادوں میں سے جو آپ کی نگرانی میں ہیں کسی اُستاد کو بھیجنا چاہیں تو مہربانی فرماکر جلد اطلاع دیجیے اس لئے کہ تعداد بہت محدود ہی۔

اگر آپ کا ارادہ اپنے یہاں وردھا کی تعلیمی تجویز کے مطابق مدرسہ کھولنے کا ہی یا اپنے موجودہ نظام میں اس تجویز کو آپ بتدریج رائج کرنا چاہتے ہیں تو کچھ استادوں کو اس تجویز کے اصولوں سے واقف کرانا ازبس ضروری ہی امید ہی کہ آپ اُستادوں کے انتخاب میں اس کا خیال رکھیں گے کہ جس شخص کا انتخاب ہو وہ نئی چیز قبول کرنے کی صلاحیت اور تعلیم کے کام سے دلی لگاؤ رکھتا ہو۔

ہمارا مدرسہ ایک اقامتی مدرسہ ہوگا جس میں طلبہ کے رہنے اور کھانے کا انتظام بھی ہوگا اور اس لحاظ سے کل خرچ فی طالب علم بیس روپے ماہوار ہوگا۔ جو طلبہ کسی حکومت، میونسپلٹی، ڈسٹرکٹ بورڈ یا کسی تعلیمی ادارے سے اس مدرسہ میں آئیں گے ان کی ماہانہ فیس ان جماعتوں کی طرف سے براہ راست مدرسہ کے دفتر میں آئے گی۔

سعید انصاری

بی۔ اے جامعہ۔ ایم۔ اے کولمبیا

پرنسپل

شرائط داخلہ

۱۔ استادوں کا مدرسہ بنیادی مدارس کے لئے استاد تیار کرنے کی غرض سے قائم کیا گیا ہی جس میں حسب ذیل قسم کے طلباء داخل کئے جائیں گے۔

(۱) جنھیں کسی حکومت، میونسپلٹی یا ڈسٹرکٹ بورڈ نے بھیجا ہو۔

(۲) جو کسی مدرسہ یا انجمن کی طرف سے بھیجے گئے ہوں۔

(۳) جو خود اپنے خرچ سے تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

۲۔ طلبہ کی تعلیمی استعداد قومی یا سرکاری مدارس کے میٹرک یا اس کے مساوی ہونی چاہیے۔

۳۔ داخلہ کی منظوری میں طلبہ کے تعلیمی تجربہ اور اس کی مدت کو بہ نظر ترجیح دیکھا جائے گا۔

۴۔ تمام درخواستیں داخلہ کے فارم پر یکم جولائی تک پہنچ جانی چاہئیں۔

۵۔ درخواستوں کی منظوری ایک مجلس کرے گی جس کی اطلاع ۱۵۔ جولائی تک امیدواروں کو دے دی جائے گی۔

۶۔ ہر طالب علم سے بیس روپے ماہانہ فیس لی جائے گی جس میں اس کے کھانے، رہنے، تعلیم، کھیل، روشنی اور بہشتی بھنگی کے سب خرچ شامل ہوں گے۔

۷۔ داخلہ کے وقت علاوہ ماہانہ فیس کے پانچ روپے فیس داخلہ بھی لی جائے گی۔

نظام تعلیم

۱۔ مدت تعلیم یکم اگست سے ۱۵ / جون تک ہوگی۔

۲۔ تمام تعلیم تین حصوں پر تقسیم ہوگی۔

(۱) **اصول تعلیم**، جس میں بچوں کی نفسیات، تعلیم کے مختلف نظریوں، مضامین پڑھانے کے مختلف طریقوں اور مدرسہ کے عام نظم و نسق سے بحث ہوگی۔

(۲) **تعلیم حرفہ**۔ جس میں علاوہ تکلی کے کسی ایک بنیادی حرفہ میں پوری مشق و مہارت حاصل کرنا ہوگا اور اس حرفہ سے دوسرے مضامین کا ربط پیدا کرنا سکھایا جائے گا۔

(۳) **عام تعلیم**۔ جس میں نئی تعلیم کے اصول، دیہی زندگی اور تعلیم، جدید قومیت وغیرہ جیسے عنوانات پر مختلف لکچر ہوں گے۔

۳ - سر دست تین حرفوں کا انتظام رکھا گیا ہے (۱) باغبانی (۲) گتے اور لکڑی کا کام (۳) تکلی اور چرخہ کا کام۔

۴ - تعلیم کا آدھا وقت حرفہ اور اس کے دوسرے مضمونوں سے ربط سیکھنے پر صرف ہوگا اور آدھا اصول تعلیم اور عام تعلیم پر۔

۵ - ہر طالب علم کو علاوہ تکلی کے ایک بنیادی حرفہ لینا ہوگا جس میں مشق و مہارت کے علاوہ اس کا دوسرے مضامین سے ربط پیدا کرنا بھی سیکھنا ہوگا۔

۶ - ہر طالب علم کو سال کے دوران میں کچھ مشقی اسباق بھی دینے ہوں گے۔

۷ - ہر مہینہ یا حسب موقعہ طلبہ تعلیمی یا دوسرے سماجی اداروں کے مطالعہ کے لئے چھوٹے چھوٹے دوروں پر جائیں گے اور اس کے مختلف تعلیمی پہلوؤں پر بحث و مباحثہ کے ذریعہ روشنی ڈالیں گے۔

۸ - ہر طالب علم کو اپنے مخصوص حالات کے پیش نظر اپنے کام کو شروع میں متعین کرلینا ہوگا۔ جس کے مطابق دوران سال میں انھیں کام کرنا ہوگا اور آخر سال میں اس کی ایک رپورٹ پیش کرنی ہوگی۔

۹ - طالب علم کے سال بھر کے کام کا اندازہ علاوہ امتحان کے استادوں اور نگرانوں کی ان رایوں پر بھی مبنی ہوگا جو وہ وقتاً فوقتاً ایک خاص فارم پر درج کرتے جائیں گے۔

۱۰ - مدرسہ سے متعلق ایک کتب خانہ ہوگا جس میں تعلیم پر نہایت اچھی اچھی کتابوں کا ذخیرہ ہوگا اور جس میں مختلف زبانوں میں تعلیمی رسائل آتے رہیں گے۔

۱۱ - اس مدرسہ سے ملحق ایک بچوں کا مدرسہ بھی ہوگا جس میں طلبہ مشاہدہ کے لئے جائیں گے اور مشقی اسباق بھی وہیں دینگے

وفود کی روانگی

حلقہ ہمدردان جامعہ کے سلسلہ میں وفود کی روانگی شروع ہوگئی ہے جناب مولوی شفیق الرحمٰن صاحب قدوائی اور جناب مولوی علی احمد صاحب برما گئے ہوئے ہیں وہاں توقع سے کہیں زیادہ کامیابی ہو رہی ہے۔ اوائل مئی میں مولوی محمد عاقل صاحب ایم اے بی ٹی اور مولوی منظور حسن صاحب فاروقی مہتمم حلقہ اضلاع مشرقی یوپی، ریاست بھاولپور کی طرف روانہ ہوئے اور خواجہ عبدالحی صاحب شیخ التفسیر، لاہور، امرتسر اور جالندھر تشریف لے گئے ہیں، جناب رشید نعمانی صاحب اور مولوی عبدالملک صاحب حسنی یوپی کے مغربی اضلاع بہرائچ، گونڈہ وغیرہ کا قصد کیا ہے اور بعض وفود وسط جون میں روانہ ہوں گے۔ امید ہے کہ یہ تمام وفود بامراد و کامیاب لوٹیں گے۔

خطبہ تقسیم اسناد

(گذشتہ سے پیوستہ)

گورنمنٹ طبیہ اسکول پٹنہ نے اپنے سالانہ جلسے میں۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ کو تقسیم اسناد کی دعوت دی تھی جناب موصوف نے اس موقعہ پر جو خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ ہدیۂ ناظرین ہی۔ (مرتب)

میں نے اوپر جن صفات کا ذکر کیا ہی یعنی اپنے اوپر بھروسہ اور دوسرے سے سیکھنے پر آمادگی، وسعت نظر اور بے تعصبی ان کے پیدا کرنے کا کام بہت کچھ طب کے تعلیمی اداروں کے ذمہ ہی اجازت دیجئے کہ طب یونانی کی تعلیم کے متعلق چند خیال مختصر طور پر پیش کروں۔ سو پہلی بات جس کا کہنا ضروری سمجھتا ہوں یہ ہی کہ ان تعلیم گاہوں کو ہر دم یہ یاد رکھنا چاہیے کہ طب ایک فن ہی علم پر مبنی اس کے تعلیم پانیوالے کو اسے علم کی طرح جاننا اور فن کی طرح سیکھنا چاہیے۔ علم سچائی کا پتہ چلانا چاہتا ہی اور خود چلانا چاہتا ہی دوسرے کے کہے پہ شبہ کرتا ہی پھر اپنے مشاہدہ اور فکر سے اس شبہ کا حل ڈھونڈتا ہی اور جب اسے پا جاتا ہی تب ہی مطمئن ہوتا ہی۔ فن کسی مقصد کے حاصل کرنے کے لئے صحیح ذریعوں کی تلاش کرتا اور انھیں برتنے کے طریقے نکالتا ہی فن بتاتا ہی کہ یہ کیسے ہو سکتا ہی علم بتاتا ہی کہ کیوں ایسا ہوا۔ طب میں علم کے بغیر فن اندھا رہتا ہے اور فن کے بغیر علم بے سود۔ اچھی طبی تعلیمگاہ کا کام یہ ہی کہ طب کا علم اور طب کا فن دونوں سکھائے۔

یہ ضرورت اس وجہ سے اور بھی اہم ہی کہ اس فن کے بے علم دعویداروں کی دنیا میں کبھی کمی نہیں رہی قدیم الایام سے ہر شخص نے اس میں طبع آزمائی کی ہی اور آج تک تقریباً ہر مریض اور ہر تیماردار نسخوں میں تبدیلی کی فرمائش کرنا اور تشخیص میں مشورہ دینا اپنا پیدائشی حق سمجھتا ہی۔ کسی رئیس کا قصہ ہی کہ انھیں ایک دفعہ یہ خیال آیا کہ آؤ معلوم کریں کہ شہر میں کس پیشہ والے سب سے زیادہ ہیں۔ ان دنوں اعداد و شمار مرتب ہو کر شائع نہیں ہوا کرتے تھے۔ انھوں نے اپنے دوستوں اور ساتھیوں سے پوچھا۔ کسی نے کچھ بتایا، کسی نے کچھ۔ دربار کے مسخرے نے کہا "حضور۔ طبیب سب سے زیادہ ہیں"۔ طبیب اس شہر میں کچھ ایسے بہت تھے نہیں سب نے اس کی تردید کی تو مسخرے نے کہا "بہت اچھا۔ زندگی ہی تو کسی دن اپنے قول کا ثبوت پیش کر دوں گا"۔ دوسرے ہی دن صبح مسخرے نے اپنے چہرے پر اوپر سے نیچے ایک چوڑی سی پٹی لپیٹی اور گھر سے نکلا۔ پہلا ہی شخص جو دروازہ پر ملا۔ اس نے پوچھا "کیوں بھائی کیا ہوا؟" مسخرے نے کہا "داڑھ میں درد ہی۔ رات بھر پلک سے پلک نہیں لگی" جواب ملا "بھائی، ایک بڑی ہی اچھی دوا ہی اس کی۔ ہزار بار کی مجرب۔ فلاں فلاں چیز لو اور پیس کر ملا لو۔ بھلا درد کھڑا تو رہ جائے" مسخرے نے ایک پرزے پر کچھ لکھا جیسے دوا کا نام لکھ رہا ہو، مگر لکھا تھا طبیب صاحب کا نام۔ چند قدم ہی آگے بڑھا ہوگا، ایک اور بزرگ ملے "ارے بھائی، یہ کیا؟" مسخرے نے پھر وہی روداد سنائی۔ جواب

ملا بھائی: "اس کی تو بڑی اچھی دوا میرے پاس ہی ایک سادھو نے بخشی تھی۔ فلاں فلاں چیزیں لے کر پانی میں جوش دو اور اس سے غرارہ کر لو۔ ایک ہی دفعہ میں درد غائب ہو جائیگا" مسخرے نے ان کا نام بھی ٹانک لیا۔ راستہ بھر قدم قدم پر کوئی صاحب ملتے اور کوئی نہ کوئی مجرب نسخہ تجویز فرماتے اور یہ سب طبیبوں کے نام درج کرتا تھا ہوتے ہوتے رئیس صاحب کے محل پر پہنچا۔ نوکروں ساتھیوں میں جو ملتا ہی یہی پوچھتا ہی کہ "کیا ہوا؟" اور جھٹ ایک مجرب دوا بتا دیتا ہی اس نے ان سب کے نام بھی لکھ لیے۔ اتنے میں رئیس صاحب کا سامنا ہو گیا۔ بولے "اماں، یہ کیا؟" کہا "حضور داڑھ میں سخت درد ہے۔ رات بھر سوئے نہیں۔ جی چاہتا ہی کہ دیوار سے سر دے ماروں!" "نہیں، اماں" رئیس صاحب بولے "یہ بھی کوئی بیماری ہی۔ اس میں کیا رکھا ہی۔ اٹھانا تو وہ میری لال بیاض۔ اس کے تو دسیوں مجرب نسخے ہیں۔ لو یہ دوائیں منگا لو سب کو پیس کر پوٹلی بنا لو اور گرم کرکے ذرا سینک لو بس درد غائب" مسخرے نے رئیس صاحب کا نام بھی درج کر لیا۔ بہی کھول دی اور دست بستہ گذارش کی کہ "حضور جب میں نے کل یہ عرض کیا تھا کہ طب کا پیشہ سب سے زیادہ عام ہی تو خود مجھے بھی خبر نہ تھی کہ اتنے طبیب ہوں گے۔ گھر سے یہاں تک آتے آتے کوئی سو سے اوپر تو طبیب مجھے مل گئے۔ فہرست ملاحظہ ہو۔ حضور کا نام بھی طبیبانِ حاذق کی اس فہرست میں درج ہی۔"

یہ صورتِ حال کچھ ہمارے ہی ملک سے مخصوص نہیں، نہ ان پڑھ جاہلوں تک محدود ہی۔ مثلاً انگلستان کے اہلِ حکمت کی سب سے معروف سبھا 'رائل سوسائٹی' کے قائم کرنے والے، کیمیائے تحلیلی کے بانی، گیسوں کے پھیلاؤ کے متعلق اس مشہور قانون کے دریافت کرنے والے جو آج تک اُن کے نام سے موسوم ہی یعنی رابرٹ بوائل ROBERT BOYLE) نے بھی ابھی ڈھائی سو برس بھی نہیں ہوئے اپنے ہی "مجرب نسخوں" کا ایک مجموعہ شائع کرایا تھا جو بہت سی بے کار اور بہت سی مضر دواؤں سے پُر تھا۔ اسے بھی کچھ بہت زمانہ نہیں گذرا ہی کہ انگلستان کے ایک مشہور امیر (SiR henelme Digby) نے ایک سفوف ہمدردی ایجاد فرمایا تھا کہ کسی مجروح شخص کے خون آلود کپڑوں کو اس سفوف کے محلول میں تر کرنے سے زخم اچھے ہو جاتے تھے۔ اس سفوف کو ہزاروں زخمیوں نے استعمال کیا ہوگا اور سینکڑوں راست باز انگریزوں کے صداقت نامے اس کی تاثیر کی شہادت دیتے ہیں خون آلود کپڑوں کو محلول میں بھگو دیا اور بس درد گھٹنے لگا، زخم مندمل ہونا شروع ہو گیا۔ خود ہمارے ملک میں ہمارے ہی زمانہ میں ایسے "تقدس مآب" علاج کرنے والے گذر چکے ہیں جن کی تصویر کو صبح سویرے دیکھنے سے ہزاروں بیمار اچھے ہو جاتے تھے۔ سینکڑوں نیک دل لوگوں کی تصدیقیں موجود ہیں۔

میں نے اس خطرہ کا ذکر اس لئے ذرا تفصیل سے کیا ہی کہ اگر آپ کی تعلیم اس کا علاج نہ کر سکی تو گویا اس نے اپنا بنیادی کام انجام نہیں دیا۔ آپ کا فن مشاہدہ اور تجربہ پر مبنی ہی لیکن بقول بقراط "مشاہدہ بڑے دھوکے دیتا ہے اور صحیح حکم لگانا بڑا دشوار ہی۔"

آپ کی تعلیم کا پہلا کام یہ ہی کہ صحیح مشاہدہ کی صلاحیت پیدا کریں، اس کے دھوکوں سے بچنے اور صحیح مشاہدوں سے صحیح نتیجوں پر پہنچنے کی مشق کرائیں۔ ٹھیک دیکھ سکنا اور منطقی طور پر سوچ سکنا سکھا دیجئے تو آپ نے تعلیم کا تین چوتھائی کام کردیا۔ یہ اوپر جن لوگوں کا ذکر ہوا یہ سب ارادہ سے دھوکا نہ دیتے ہوں گے اور جو اُن کی بات مانتے تھے وہ سب بالکل گدھے نہ ہوں گے۔ بات صرف اتنی ہے کہ منطقی طور پر سوچنے کی صفت آدمیوں میں بہت عام نہیں ہوتی، تعلیم بھی اکثر اس ضروری کام کی طرف سے غفلت برتتی ہی اور سمجھتی ہی کہ کچھ کتابیں رٹا دیئے، کچھ نسخے لکھا دیئے، کچھ عجیب عجیب نام یاد کرا دینے سے آدمی تعلیم یافتہ ہو جاتا ہی حالانکہ تعلیم کا کام ہی ذہن کی نشو ونما اور اس میں ترتیب اور مشاہدہ کے دھوکوں سے بچنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔ دھوکہ بازی اور ضعیف الاعتقادی کی جو مثالیں اوپر بیان ہوئیں اُن میں بس یہی غلطی تو عام طور پر ہوتی ہی کہ اگر کوئی چیز کسی دوسری چیز کے بعد ظاہر ہو تو لوگ پہلی کو علت اور دوسری کو معلول سمجھ بیٹھتے ہیں خیال ہوتا ہی کہ یہ اس کے بعد ہوا ہی اس لئے اس کی وجہ سے ہوا ہوگا۔ حالانکہ منطقی طور پر سوچنے والا ہمیشہ یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ آیا یہی نتیجہ بغیر پہلے والی بات کے بھی رونما ہوتا یا نہیں یا یہ کہ کہیں یہ نتیجہ باوجود اس پہلی بات کے تو پیدا نہیں ہوا۔ ان سوالوں کے جواب کے لئے وہ اپنے مشاہدہ کو تجربہ سے جانچتا ہے۔ کچھ حالات کو بدلتا ہی کچھ کو ان کے حال پر رہنے دیتا ہے اور یوں رفتہ رفتہ علت اور معلول کے تعلق کا پتہ چلاتا ہی۔

اگر آپ اپنے شاگردوں کو طب کی ساری کتابیں حفظ کرا دیں لیکن اُن میں مشاہدہ اور مشاہدہ کی جانچ کی عادت راسخ نہ کریں تو آپ طب کی تعلیم نہیں دیتے، عطائی بناتے ہیں۔ آپ کے فن میں اس کا خطرہ اور زیادہ اس وجہ سے ہے کہ یہ تمامتر مشاہدہ پر مبنی ہی۔ اگر علم کا سہارا اسے نہ ہو تو یہ رفتہ رفتہ فن طب کے درجہ سے عطائی کے درجہ پر، اور عطائی سے خطرۂ جان کے منصب پر پہنچ سکتا ہی۔ اور ہمارے ملک میں طبی تعلیم کے انتظامات کی خرابی نے اس فن کو ان پست تر منازل میں پہنچانے میں کیا کمی کی ہی؟ آپ کا فرض ہی کہ اسے اس کی علمی بلندی سے گرنے نہ دیں بلکہ بلند تر مرتبہ پر اسے پہنچائیں۔ اس کے لئے ضرورت ہی کہ بجائے اس کے کہ سب کچھ تھوڑا تھوڑا بتایا جائے چند چیزیں اچھی طرح سکھائی جائیں۔ نصاب کو ہر رطب و یابس سے بھر دینے کی جگہ اس کا اہتمام ہو کہ بنیادی علوم کیمیا، تشریح اور وظائف الاعضاء سے طلباء کو گہری واقفیت ہو جائے محض دفع الوقتی اور امتحان پاس کرنے کے لئے نہیں بلکہ حقیقی طور پر اُن کے بنیادی اصولوں سے طلباء روشناس ہو جائیں، ان علوم میں جس طرح ترقی ہوتی ہے اس کے گُر کو سمجھ لیں اور تجربہ گاہوں اور جراحت خانوں میں ان طریقوں کو برت بھی لیں جن پر چل کر فن کے اساتذہ نے کمال حاصل کیا ہی تو بڑی بات ہو، ان راہوں پر چلنے کا وقت تو ساری عمر ملتا رہیگا لیکن ان پر چلنے کی صلاحیت اور خواہش طالب علمی کے زمانہ میں ضرور پیدا کر دینی چاہئے۔ یہ علم وسیع نہ ہو تو نہ ہو مگر گہرا ہو کا سکی گہرائی آپ کے طلباء کو عطائیت کے اتھلے پن سے بچائے گی۔

اور سب سے زیادہ یہ کہ آپ کو کتابوں کی تعلیم سے کہیں زیادہ توجہ عملی تعلیم کی طرف کرنی چاہیے۔ مشاہدہ اور تجربہ کی مشق کا موقع بھی طالب علم کو شفاخانہ میں ملے گا اور عملی طور پر علاج اور دیکھ بھال کرنے کا بھی۔ یہیں اس کے علم کی بنیادیں بھی استوار ہوں گی اور فن کی مہارت بھی حاصل ہو سکے گی۔ آج مغربی طب کی تعلیم گاہوں کے ساتھ جیسے تجربہ گاہوں اور شفاخانوں کا اہتمام ہوتا ہی کوئی وجہ نہیں کہ اس سے کم درجہ پر اسلامی طب اداروں کے ساتھ ہو۔ اسلامی طب نے جن دنوں یونانیوں کے علم کو چار چاند لگائے تھے تو اس وقت اس کی تعلیم کے لیے بھی یہی ساز و سامان ہوتا تھا آج سے ہزار سال پہلے کے اس شفاخانہ کا حال معلوم کیجیے جو احمد ابن طولون نے قاہرہ میں قائم کیا تھا۔ پھر بیمارستان الکبیر المنصوری کا حال پڑھیے جو ۱۲۸۴ء میں وہیں قائم ہوا، اس کے مصارف کے تخمینے دیکھیے، ہر مرض کے مریضوں کے لئے الگ الگ رہنے کے انتظامات کا ذکر دیکھیے، بیماروں کے کھانے کی تیاری کے اہتماموں کی تفصیل سنیے، شفاخانہ کے ساتھ تعلیم کے لیے درس کے کمروں کا اہتمام دیکھیے، دواؤں کے علیحدہ خزینوں کی تفصیلات معلوم کیجیے تو خیال ہوتا ہی کہ بیسویں صدی کے کسی بہت بڑے مغربی شفاخانہ کا حال سامنے ہی۔ چودھویں صدی کے وسط میں تبریز میں رشید الدین فضل اللہ کے ربع رشیدی کی سیر کیجیے ان کے خطوں میں تمام دنیا سے اچھی سے اچھی دواؤں کی بڑی بڑی مقداروں کے آرڈر دیکھیے اور اس کے زیر نگرانی تعلیم طب کی تفصیلات معلوم کیجیے تو خیال ہوتا ہے کہ صحیح تعلیم دینے کا اہتمام آج بھی کہیں اس سے بہتر نہیں ہی۔ اس ایک طبیب وزیر نے ہندوستان، مصر، شام اور چین سے پچاس باکمال طبیب جمع کر لئے ہیں۔ ہر ایک اپنے اپنے فن میں وحید عصر ہی۔ ہر ایک کے ساتھ صرف دس دس چنے ہوئے ہونہار طالب علم مقرر ہیں۔ ان کے ذمہ شفاخانہ میں متعین فرائض ہیں یہ بیماروں کی حالت کا مطالعہ کرتے ہیں۔ اس کے نوٹ رکھتے ہیں اور اپنے استادوں سے ان کے متعلق گفتگو کرتے ہیں شفاخانہ کے کاموں کے لیے ہر طرح کے ماہر مددگار ہیں جن کے ساتھ عملی کام سیکھنے کے لیے پانچ پانچ مددگار طالب علم ہیں۔ ان طلبہ سے یہ توقع ہو سکتی ہی کہ انھیں صحیح مشاہدہ کا ڈھب آ جائے گا اور ان سے صحیح نتیجے نکالنے کا سلیقہ یہ سیکھ لیں گے ان سے امید ہو سکتی ہی کہ یہ مشاہدے کے دھوکوں سے بچ سکیں گے اور اپنے فن کے مرتبہ کو اپنی محنت اور تجربہ سے بلند کریں گے۔ میری رائے میں تو آپ کے فن کی تعلیم میں کامیابی کا گر بس یہی ہی کہ طالب علمی کے زمانہ میں بنیادی چیزیں سکھائیے فروعات کو چھوڑیے، کم چیزیں سکھائیے مگر اچھی طرح سکھائیے اور کتابوں کی جگہ عملی کام کی طرف زیادہ توجہ کیجیے۔ طالب علموں میں استاد اپنی مثال سے اپنے فن سے شغف، اس کی شرافت کا احساس، محنت کی لت، کام کو ہمیشہ اپنے بس بھر اچھی سے اچھی طرح کرنے کی عادت، مریضوں سے ہمدردی کی خو، پیدا کر دیں اور ان کی ذہنی تربیت کا وہ انتظام جس کا ذکر کر چکا ہوں تو انھیں مطمئن ہونا چاہیے کہ ایک شریف فن کے اچھے اہل فن ان کی مدد سے پیدا ہوئے اور یہ اطمینان اتنا بڑا انعام ہی کہ کوئی معلم اس سے زیادہ کی آرزو نہیں کر سکتا۔

اب اس مدرسہ طبیہ کے کارکنوں سے اور خصوصاً ان

طلباء سے جو اس سال فارغ ہوئے ہیں اور آج سند لے رہے ہیں اس گروہ کی طرف سے کچھ کہنا چاہتا ہوں جس کی خدمت ان کے سپرد ہی یعنی عام ہندوستانی شہریوں کی طرف سے، اس آبادی کی طرف سے جس کا افلاس، جس کا جہل اور جس کی غلامی اسے اکثر حالتوں میں یہ جاننے بھی نہیں دیتی کہ تندرستی کسے کہتے ہیں، علاج کس کا نام ہے، دکھ درد میں کوئی مدد بھی دے سکتا ہی، اور مرنا بھی ہو تو موت کے کرب کو کوئی کم بھی کرسکتا ہی یا نہیں، اس آبادی کی طرف سے جس کی فوجیں کی فوجیں چیچک، ہیضہ، طاعون میں ہر سال ایک بے توپ بے بندوق کی لڑائی میں کام آجاتی ہیں، جس کے لاکھوں آدمی ہر سال ملیریا میں مبتلا ہوتے اور مرتے ہیں اور مرنے سے بچتے ہیں تو عمر بھر کو اپنی کارکردگی کھو بیٹھتے ہیں، جس نے ایک انفلوئنزا کی وبا میں دو سال کے اندر کوئی بچاسی لاکھ آدمی ہاتھ سے کھو دئے تھے، اس آبادی کی طرف سے جو مرض کے حملوں کے سامنے ایسی ہی بے بس ہی جیسے شیر کے سامنے بکری، جو نہ حفظانِ صحت کے قواعد سے واقف ہی نہ مرض کے مقابلہ کی تدبیروں سے، جو سسک سسک کر جینا اور ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا جانتی ہی اور اپنی بےحسی اور بےبسی کو صبر کا نام دیکر خوش ہولیتی ہی، اس آبادی کو بیماریوں سے بچانا، بیماری میں اس کا علاج کرنا آپ کے سپرد ہی۔ اس میں گنتی کے تھوڑے سے لوگ کھاتے پیتے ہیں، باقی مفلس اور نادار۔ خوشحال بس ایسے ہیں جیسے کسی غریب کی ہانڈی میں شوربے پر چکنائی کی چند بوندیں، اب آپ کو فیصلہ یہ کرنا ہی کہ آپ اپنی تمام تر توجہ ان گنتی کے خوش حالوں پر صرف کرینگے جو بھوک سے نہیں زیادہ کھانے سے بیمار ہوتے ہیں یا اُن پر جن کے بچوں کی ہڈیاں ٹھیک غذا نہ ملنے کی وجہ سے پوری نشو و نما تک نہیں پا سکتیں اور جو زندگی میں کبھی ایک دفعہ بھی سیر ہو کر کھانا نہیں کھاتے اس لئے کسی مرض کے حملہ کا اچھی طرح مقابلہ نہیں کرسکتے آپ کا جی بھی خوشحالوں میں شریک ہونے کو چاہتا ہو تو غالباً آپ خوشحالوں کے لئے مقویات، معجونوں اور ہاضم چورنوں کے نسخے لکھنے میں عمر گزار دیں گے۔ مگر دیس کا کام اس سے نہیں چلے گا۔ یوں تو آدمی آنکھوں پر ٹھیکریاں رکھ لے تو کوئی اس کا کیا کرسکتا ہی، پر آپ کے چاروں طرف جو دکھ اور بیماری پھیلی ہوئی ہی، افلاس اور فاقہ نے عام صحت کا جو حال کر رکھا ہی، جہل نے جس طرح اس بری حالت کو اور بدتر بنا دیا ہی۔ اس کا احساس آپ کو ہوگا تو آپ چین کی نیند نہ سو سکیں گے زندگی کی یہ بپتا، یہ دکھ اور بیماریاں ہم سے اتنی قریب ہیں کہ اکثر ہم اُن سے غافل ہو جاتے ہیں، آہیں اتنے سینوں سے نکلتی ہیں کہ ساری فضا ان سے بھر جاتی ہی اور ہم انھیں سن نہیں سکتے اور شاید اپنی زندگی گذارنے کے لئے یہ ٹھیک ہی ہو، اس لئے کہ اگر احساس قوی ہو، ہر آہ سنائی دے اور ہر دکھ دکھائی دے تو ایسا ہو جائے جیسے کوئی گھاس کے اُگنے اور بڑھنے کی آہٹ سننے لگے اور ہر جاندار کے دل کی دھڑکن محسوس کرنے لگے، اور شاید ہم اس ہیبت ناک شور کی تاب نہ لاسکیں جو بپتا کے اس سناٹے میں چھپا ہوا ہی۔ مگر یہ سنائی دیکر چاہے ہمارے کانوں کے پردے نہ پھاڑے اور دکھائی دیکر ہماری آنکھوں کو رُلا رُلا کر بے نور نہ کرے مگر اس کے وجود کا علم ہمیں ہی اور اس سے بھاگنا ممکن نہیں۔ میری التجا آپ سے یہ ہی کہ اپنے دکھ کے دُور کرنے کے لئے آپ کمر باندھیں ہمت

سے سب کام ہوجاتے ہیں۔ چیچک کی وبا جس سے آپ ہی کے صوبہ میں ہزاروں آدمی ہر سال مرتے ہیں، یورپ میں بھی ایسی ہی عام تھی جیسی ہمارے یہاں ہی بلکہ اس سے کچھ زیادہ۔ وہاں تو تقریباً ہر شخص کو یہ مرض ہوتا تھا۔ ہر بارہ ۱۲ آدمیوں میں سے ایک آدمی اس میں ضائع ہوتا تھا۔ جو بچ جاتے تھے ان کی بدنما آنکھیں اور چہرے عمر بھر اس مصیبت کی یاد دلاتے تھے امیر غریب سب اس کے ہاتھوں تنگ تھے نہ معلوم کتنے بادشاہ اس کے شکار ہوئے اٹھارویں صدی میں کوئی چھ کروڑ آدمی یورپ میں اس مرض سے مرے یعنی ہر سال کوئی چھ لاکھ۔ لیکن آج یورپ اس وبا سے تقریباً پاک ہی۔

طاعون کی وبا جس میں آج بھی ہمارے ہزاروں نہیں لاکھوں ہم وطن ہر سال جان دیتے ہیں کبھی دوسرے ملکوں میں بھی عام تھا۔ مشہور مورخ گبن نے ایک جگہ لکھا ہی کہ اگر پوچھا جائے کہ دنیا کی تاریخ میں سب سے اچھا زمانہ کون سا تھا تو میں روم کا سنہ ۹۶ اور ۱۸۰ عیسوی کے درمیان کا زمانہ بتاؤں گا۔ گبن بڑا مورخ ہی اور اس کی بات کچھ وزن رکھتی ہی مگر آپ کو کچھ معلوم ہی کہ تاریخ کے اس "بہترین" زمانہ میں روما میں کم سے کم تین بار طاعون کی وبا پھیلی اور سنہ ۱۶۴ء سے تو برابر سولہ سال جاری رہی اس بہترین دور کا آغاز اسی وبا سے ہوا اور اس شدت کی وبا سے کہ ایک ایک دن میں دس دس ہزار جانیں تلف ہوئیں اسی زمانہ میں سارے ملک میں ملیریا پھیلا اور تین صدی تک ملک کو برباد کرتا رہا، تاآنکہ جرمن جنگلوں کے غیر متمدن قبیلوں نے اسے تاخت و تاراج کیا۔ لیکن باوجود اس کے گبن نے اسے سب سے اچھا زمانہ اس لئے کہا کہ گبن کے زمانہ تک اس وبا کے جو حملے یورپ میں ہوتے رہے وہ ان سے بھی زیادہ ہولناک تھے گبن کے لکھنے کے وقت یورپ پر طاعون کی چار صدیاں گذر چکی تھیں ان مغربی شہروں میں بھی ہماری طرح روزانہ ہزاروں موتیں ہوتی تھیں مگر آج اس مرض کے اسباب معلوم ہوجانے سے اور انھیں قابو میں لانے کی کوشش سے یورپ اس مرض سے آزاد ہوگیا ہی ابھی سنہ ۱۷۹۰ء میں فلے ڈیلفیا کی آبادی میں ہر سو میں دس آدمی پیلے بخار کا شکار ہوگئے تھے۔ مگر امریکن ڈاکٹروں کے علم اور محنت نے اپنے ملک کو اس عذاب سے بچا لیا اور مثالیں دینے سے کیا فائدہ۔ آپ کے سامنے ایک مہتم بالشان کام ہی مضبوط دل اور بلند ہمت لوگوں کے کرنے کا کام ہی۔ خودغرضوں کے لئے پیسے کمانے کا موقع ہی مگر ان کے سینہ پر ہمیشہ یہ بوجھ رہے گا کہ انھوں نے اپنے بنی نوع اپنے ہم قوموں کے افلاس، جہل، غلامی، بےبسی سے فائدہ اٹھا کر کچھ دھات کے ٹکڑے جمع کرلئے اور مرض اور بیماری کے خلاف جہاد کرنے اور اپنی قوم کو اس سے نجات دلانے کے مبارک کام میں ہاتھ نہ بٹایا۔ بیشک اپنی گزراوقات کے لئے بھی ہر آدمی کو کچھ درکار ہوتا ہی۔ آپ کی گزراوقات کا انتظام حکومت کو کرنا چاہیے۔ آپ کے پیشہ کے لوگوں کے لئے پرانے زمانہ میں یہی دستور تھا۔ حکومت ان کی سب ضرورتیں پوری کرنیکا انتظام کردیتی تھی اور یہ یکسوئی سے امیر و غریب کی خدمت بلا امتیاز کیا کرتے تھے۔ ان بدلے ہوئے حالات میں جبکہ حکومت کا سہارا اٹھ گیا تھا جس طرح طبیبوں کے بہت سے مشہور خاندانوں نے سارے ملک میں غریبوں کی خدمت کی ہی وہ ہماری قومی زندگی کا سرمایۂ فخر ہی۔ دولت کے زنگ سے قومی زندگی کے جوہر کو محفوظ رکھنے کے لئے کوئی چیز

اتنی مؤثر نہیں ہوتی جتنا کہ بے غرض کام کرنے والوں کا ایسا گروہ جو اُس کے طوق زریں کا آرزومند نہ ہو بلکہ جس کی ساری توجہ حق کی تلاش سچ کے پرچار اور انسانوں کی خدمت کے لئے وقف ہو۔ میری دعا ہے کہ آپ کے مدرسہ سے سند لینے والے اس گروہ میں شامل ہوں اور سچے سپاہیوں کی طرح دیس کو جہالت اور بیماری کے دشمنوں سے نجات دلائیں۔

اُستادوں کا مدرسہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی نے یکم اگست ۱۹۳۸ء سے "اُستادوں کا مدرسہ" کھولنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں وردھا اسکیم کے اصولوں کے مطابق تعلیم ہوگی۔ یہ مدرسہ "ہندستانی تعلیمی سنگھ" کی نگرانی میں پہلا مدرسہ ہوگا جس کا کسی ایک حکومت سے تعلق نہ ہوگا بلکہ جس میں ہندوستان کے مختلف صوبوں اور ریاستوں سے استاد تعلیم کی غرض سے آئیں گے۔

یہ مدرسہ ایک اقامتی مدرسہ ہوگا جس میں طلبہ کے کھانے، رہنے اور دوسری ضروریات کا انتظام ہوگا۔ کل اخراجات فی طالب علم تیس روپے ماہانہ ہوں گے اور تعلیم کی مدت ایک سال یعنی یکم اگست سے ۱۵ جون تک ہوگی۔

مدرسہ کا اسٹاف نہایت قابل اشخاص اور مختلف حرفوں کے ماہرین پر مشتمل ہے۔ سعید انصاری صاحب بی اے (جامعہ) اور ایم اے (کولمبیا) اس مدرسہ کے پرنسپل ہوں گے جنھوں نے ابتدائی اور دیہی تعلیم میں خصوصیت سے تجربہ حاصل کیا ہے۔

تمام درخواستیں یکم جولائی ۳۸ء تک پرنسپل کے نام آجانی چاہئیں اور جن کا داخلہ منظور ہوگا انھیں ۱۵- جولائی تک اطلاع کر دی جائے گی۔

تحریک حلقہ ہمدردان جامعہ

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اپنے اُن کرم فرماؤں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو ۱۵ اپریل ۱۹۳۸ء میں حلقہ ہمدردان میں شریک ہوئے

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۱	۵۶۹۶	قاضی ایم اے طاہر صاحب دہلی	۱۸	۵۷۱۳	محمود حسن صاحب لاہور	۳۵	۵۷۳۰	ڈاکٹر ایم اے پیرزادہ صاحب لاہور
۲	۵۶۹۷	حاجی محمد مصطفیٰ خاں صاحب بلندشہر	۱۹	۵۷۱۴	نور الٰہی صاحب	۳۶	۵۷۳۱	اے ایچ منیر صاحب ،،
۳	۵۶۹۸	ساجد علی خاں صاحب علی گڑھ	۲۰	۵۷۱۵	خان بہادر محمد بشیر صاحب ،،	۳۷	۵۷۳۲	ڈاکٹر محمد عبد اللہ صاحب ،،
۴	۵۶۹۹	آغا محمد علی نقی صاحب ،،	۲۱	۵۷۱۶	ڈاکٹر یار محمد خاں صاحب ،،	۳۸	۵۷۳۳	عبد الحمید صاحب ایم اے ،،
۵	۵۷۰۰	عباس بیگ صاحب ،،	۲۲	۵۷۱۷	کے ایس میاں عمر حیات صاحب ،،	۳۹	۵۷۳۴	ڈاکٹر ایم یعقوب صاحب ،،
۶	۵۷۰۱	محمد لطیف قریشی صاحب دہلی	۲۳	۵۷۱۸	ڈاکٹر محمد عالم صاحب ،،	۴۰	۵۷۳۵	ڈاکٹر ریاض قدیر صاحب ،،
۷	۵۷۰۲	سیٹھ اے حبیب پاوالا کلکتہ	۲۴	۵۷۱۹	ڈاکٹر عبد الحمید صاحب ،،	۴۱	۵۷۳۶	حکیم احمد شجاع صاحب ،،
۸	۵۷۰۳	سردار علی باز خاں صاحب لاہور	۲۵	۵۷۲۰	محمد جمال بھلہ صاحب ،،	۴۲	۵۷۳۷	صوفی غلام مصطفیٰ صاحب تبسم ،،
۹	۵۷۰۴	خورشید حسن قاضی صاحب ،،	۲۶	۵۷۲۱	ڈاکٹر مظہر الحق صاحب ،،	۴۳	۵۷۳۸	محمد سعید اللہ صاحب ،،
۱۰	۵۷۰۵	میر غلام مصطفیٰ صاحب ،،	۲۷	۵۷۲۲	ڈاکٹر عبد العزیز دائن صاحب ،،	۴۴	۵۷۳۹	محمد عظیم خاں صاحب پلیڈر ،،
۱۱	۵۷۰۶	حکیم محمد افضل صاحب ،،	۲۸	۵۷۲۳	محمد حسین صاحب ،،	۴۵	۵۷۴۰	سید امتیاز علی صاحب تاج ،،
۱۲	۵۷۰۷	آنریبل میاں عبد الحی صاحب ،،	۲۹	۵۷۲۴	میاں محمد عاشق صاحب ،،	۴۶	۵۷۴۱	چودھری حق نواز خاں صاحب ،،
۱۳	۵۷۰۸	محمود احمد صاحب ،،	۳۰	۵۷۲۵	میاں کفایت علی صاحب ،،	۴۷	۵۷۴۲	عبد المجید صاحب سالک ،،
۱۴	۵۷۰۹	سید ناظم علی صاحب وکیل فیروزپور	۳۱	۵۷۲۶	عبد الحمید صاحب ،،	۴۸	۵۷۴۳	فیض محمد صاحب ایم ایل اے ڈیرہ غازیخاں
۱۵	۵۷۱۰	ڈاکٹر سیف الدین کچلو صاحب لاہور	۳۲	۵۷۲۷	ڈاکٹر ظفر علی صاحب نوشہرہ	۴۹	۵۷۴۴	میاں بشیر احمد صاحب لاہور
۱۶	۵۷۱۱	محمد صبیر صاحب ،،	۳۳	۵۷۲۸	ڈاکٹر محبوب ربانی صاحب لاہور	۵۰	۵۷۴۵	راجہ غضنفر علی خاں صاحب پنڈ دادنخاں
۱۷	۵۷۱۲	محمد شفیع صاحب ،،	۳۴	۵۷۲۹	ڈاکٹر عبد الحمید شیخ صاحب ،،	۵۱	۵۷۴۶	سید حمید علی صاحب لاہور

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	اسم گرامی جناب
۵۲	۵۷۴۷	میاں سراج الدین صاحب لاہور	۷۶	۵۷۷۱	محمد اعظم خاں صاحب پشاور	۱۰۰	۵۷۹۵	معین الدین صاحب اورنگ آباد دکن
۵۳	۵۷۴۸	سید احمد شاہ صاحب 〃	۷۷	۵۷۷۲	سید صحبت شاہ صاحب 〃	۱۰۱	۵۷۹۶	سید محمد ابراہیم علوی صاحب وکیل 〃
۵۴	۵۷۴۹	محمد یونس صاحب پشاور	۷۸	۵۷۷۳	مطیع اللہ صاحب 〃	۱۰۲	۵۷۹۷	میر ریاست علی صاحب وکیل 〃
۵۵	۵۷۵۰	سید احمد شاہ صاحب 〃	۷۹	۵۷۷۴	غلام حیدر بیگ صاحب 〃	۱۰۳	۵۷۹۸	مرزا رحیم بیگ صاحب 〃
۵۶	۵۷۵۱	میاں جعفر شاہ صاحب شاہ آباد	۸۰	۵۷۷۵	میاں فضل الرحمٰن صاحب 〃	۱۰۴	۵۷۹۹	سلیم الحسن صاحب وکیل 〃
۵۷	۵۷۵۲	محمد عالم صاحب پشاور	۸۱	۵۷۷۶	ہدایت اللہ خاں صاحب 〃	۱۰۵	۵۸۰۰	غلام محی الدین خانصاحب 〃
۵۸	۵۷۵۳	میاں فردوس شاہ صاحب شاہ آباد	۸۲	۵۷۷۷	پیر بخش صاحب پلیڈر 〃	۱۰۶	۵۸۰۱	شبیر حسن زبیری صاحب 〃
۵۹	۵۷۵۴	عبدالصمد خاں صاحب چارسدہ	۸۳	۵۷۷۸	احمد حسین خاں صاحب 〃	۱۰۷	۵۸۰۲	شمس الحسن زبیری صاحب 〃
۶۰	۵۷۵۵	الیاس ابن حسن صاحب مردان	۸۴	۵۷۷۹	خان مہدی زماں خاں صاحب کملا ش	۱۰۸	۵۸۰۳	محمد نصیر الدین صاحب وکیل گنگاپور
۶۱	۵۷۵۶	ڈاکٹر خاں صاحب پشاور	۸۵	۵۷۸۰	عطا محمد صاحب پشاور	۱۰۹	۵۸۰۴	محمد عبدالقادر صاحب 〃
۶۲	۵۷۵۷	ارباب عبدالرحمٰن صاحب 〃	۸۶	۵۷۸۱	چودھری خیر محمد صاحب 〃	۱۱۰	۵۸۰۵	چاند خاں صاحب 〃
۶۳	۵۷۵۸	میاں فاروق شاہ صاحب کابل	۸۷	۵۷۸۲	محمد نور الغنی صاحب 〃	۱۱۱	۵۸۰۶	سید محمد اکبر صاحب وکیل 〃
۶۴	۵۷۵۹	محمد فرید صاحب مردان	۸۸	۵۷۸۳	امداد علی خاں صاحب مظفر نگر	۱۱۲	۵۸۰۷	عبداللہ بن سلطان صاحب 〃
۶۵	۵۷۶۰	محمد یحییٰ صاحب پشاور	۸۹	۵۷۸۴	محمد یوسف صاحب مراد آباد	۱۱۳	۵۸۰۸	عمرو بن عبدالواحد صاحب 〃
۶۶	۵۷۶۱	علی گل خاں صاحب 〃	۹۰	۵۷۸۵	حکیم الدین صاحب 〃	۱۱۴	۵۸۰۹	حبیب عبدالرحمٰن صاحب 〃
۶۷	۵۷۶۲	اسد اللہ جان صاحب چارسدہ	۹۱	۵۷۸۶	انوار حسین صاحب 〃	۱۱۵	۵۸۱۰	مولوی آفاق احمد صاحب 〃
۶۸	۵۷۶۳	خانبہادر شربت خانصاحب بابری بانڈہ	۹۲	۵۷۸۷	محمد ناصر الدین صاحب وکیل رامپور	۱۱۶	۵۸۱۱	مولوی صفدر حسین صاحب والوج
۶۹	۵۷۶۴	سید میر شاہ گیلانی صاحب پشاور	۹۳	۵۷۸۸	سید عبدالرشید صاحب رضوی اورنگ آباد	۱۱۷	۵۸۱۲	عبدالعزیز خاں صاحب گنگاپور
۷۰	۵۷۶۵	حافظ عبدالحمید صاحب 〃	۹۴	۵۷۸۹	غیاث الدین احمد صاحب وکیل گیا	۱۱۸	۵۸۱۳	مرزا افاں صاحب 〃
۷۱	۵۷۶۶	نور الٰہی صاحب علیگ 〃	۹۵	۵۷۹۰	خواجہ محمد ادریس صاحب 〃	۱۱۹	۵۸۱۴	محبوب خاں صاحب 〃
۷۲	۵۷۶۷	سردار محمد ٹانک صاحب 〃	۹۶	۵۷۹۱	قاضی معین الدین حسین صاحب 〃	۱۲۰	۵۸۱۵	مولوی عثمان علی صاحب 〃
۷۳	۵۷۶۸	عبدالعزیز صاحب 〃	۹۷	۵۷۹۲	محمد عبدالخالق صاحب 〃	۱۲۱	۵۸۱۶	سید واسع الہدیٰ صاحب 〃
۷۴	۵۷۶۹	سید دوست علی شاہ صاحب 〃	۹۸	۵۷۹۳	سید ساجد علی صاحب 〃			
۷۵	۵۷۷۰	محمد خاں صاحب 〃	۹۹	۵۷۹۴	سید نہال الدین احمد صاحب 〃			

مستقل امداد و عطیات

ذیل کی رقوم جو ماہ اپریل سنہ ۳۸ء میں ہمیں اپنے مہتممین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں درج رجسٹر ہو چکی ہیں اندراجات میں صحت کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے، دفتر ممنون ہوگا۔

اس سلسلہ میں یہ بات ملحوظ رہنی چاہیئے کہ مہینہ کے آخری دنوں کی وصول یابی بعض دفتری مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے مہینہ میں محسوب ہوتی ہی اسلئے اگر بعض حضرات کے نام اس فہرست میں درج نہ ہوں تو انھیں آئندہ اشاعت کا انتظار کرنا چاہیے۔ مرتب

اپریل سنہ ۳۸ء

دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۶۱۵	خواجہ محمد عبدالمجید خانصاحب دہلی	سے؍	۱۵	۴۷۶۵ بی	محمد مرتضیٰ خانصاحب نئی دہلی	۴؍	۲۹	۴۷۷۹ بی	رحمت اللہ خاں صاحب دہلی	۴؍
۲	۶۱۸	سید شاہ علیصاحب اینڈ برادرس "	صہ؍	۱۶	۴۷۶۶ "	ایس محمد یوسف صاحب "	عہ؍	۳۰	۴۷۸۰ "	ایم محمد امین صاحب "	عہ؍
۳	۶۲۵	قاضی ایم اے طاہر صاحب "	عہ؍	۱۷	۴۷۶۷ "	بیگم صاحبہ محمد یعقوب صاحب	عہ؍	۳۱	۴۷۸۱ "	ڈاکٹر حسین بخش صاحب "	۸؍
۴	۶۲۷	محمد لطیف صاحب قریشی "	للعہ؍	۱۸	۴۷۶۸ "	اے حکیم بٹ صاحب "	۸؍	۳۲	۴۷۸۲ "	احمد اسلام خانصاحب "	عہ؍
۵	۶۳۷	شیخ محمد الیاس صاحب "	سہ؍	۱۹	۴۷۶۹ "	طاہر علی صاحب "	عہ؍	۳۳	۴۷۸۳ "	حکیم محمد فرید احمد صاحب عباسی "	عہ؍
۶	۶۴۱	آغا حسین صاحب نئی دہلی	۸؍	۲۰	۴۷۷۰ "	سید غلام حسنین صاحب "	۶؍	۳۴	۴۷۸۴ "	نادر حسین صاحب "	۹؍
۷	۶۵۱	حافظ محمد حنیف صاحب قریشی "	صہ؍	۲۱	۴۷۷۱ "	زاہد حسین صاحب "	صہ؍	۳۵	۴۷۸۵ "	منشی شمس الدین صاحب "	۴؍
۸	۴۷۵۸ بی	میاں اللہ بخش محمد سعید محمد شریف صاحبان	سے؍	۲۲	۴۷۷۲ "	سید سلیم الدین صاحب "	۴؍	۳۶	۴۷۸۶ "	بابو محمد ابراہیم صاحب "	۴؍
۹	۴۷۵۹ "	حکیم حاجی عبدالحمید صاحب دہلی	عہ	۲۳	۴۷۷۳ "	حکیم شریف الدین خانصاحب "	۴؍	۳۷	۴۷۸۷ "	محمد سلیم خانصاحب "	۴؍
۱۰	۴۷۶۰ "	محمد شفیع صاحب "	۸؍	۲۴	۴۷۷۴ "	عبدالعلیم صاحب نئی دہلی	۸؍	۳۸	۴۷۸۸ "	مسٹر ایم بی صابری صاحب "	۴؍
۱۱	۴۷۶۱ "	احسن حامد علیخاں صاحب دہلی	عہ؍	۲۵	۴۷۷۵ "	منشی حشمت اللہ صاحب "	۶؍	۳۹	۴۷۸۹ "	سعید احمد صاحب "	۱۲؍
۱۲	۴۷۶۲ "	سید شمس الدین صاحب "	۸؍	۲۶	۴۷۷۶ "	حاجی عباداللہ خانصاحب "	۶؍	۴۰	۴۷۹۰ "	بابو محبوب الٰہی صاحب انصاری "	۴؍
۱۳	۴۷۶۳ "	سید حفیظ الدین صاحب "	۸؍	۲۷	۴۷۷۷ "	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴؍	۴۱	۴۷۹۱ "	پروفیسر عبدالرحمن صاحب "	عہ؍
۱۴	۴۷۶۴ "	آغا محمود امین صاحب "	عہ؍	۲۸	۴۷۷۸ "	محمد دیار خاں صاحب "	۸؍	۴۲	۴۷۹۲ "	نسیم احمد خانصاحب "	۴؍

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۴۳	۴۷۹۳ دہلی	افتخار احمد صاحب شیخ نئی دہلی	۸/	۶۷	۴۸۶۷ دہلی	صلاح الدین صاحب نئی دہلی	۸/	۹۱	۴۸۹۱ دہلی	سرفراز الحق صاحب دہلی	۴/
۴۴	۴۷۹۴ ″	سید محمد علی صاحب نئی دہلی	عہ/	۶۸	۴۸۶۸ ″	سید محمد شفیع صاحب	۲/	۹۲	۴۸۹۲ ″	حکیم محمد ظہیر علی صاحب بھسوانی	عہ/
۴۵	۴۷۹۵ ″	امین اللہ بخش چودھری مہر بخش صاحبان	عہ/	۶۹	۴۸۶۹ ″	سید محمد عمر صاحب ″	عہ/	۹۳	۴۸۹۳ ″	خواجہ احمد اللہ صاحب ″	۴/
۴۶	۴۷۹۶ ″	منشی محمد احسن صاحب دہلی	۸/	۷۰	۴۸۷۰ ″	سید نصیر الدین صاحب ″	عہ/	۹۴	۴۸۹۴ ″	مولانا محبوب الہی صاحب ″	عہ/
۴۷	۴۷۹۷ ″	منشی زین العابدین صاحب ″	۴/	۷۱	۴۸۷۱ ″	عبد الحق صاحب ″	صہ/	۹۵	۴۸۹۵ ″	صوفی محمد صغیر حسن صاحب ″	عہ/
۴۸	۴۷۹۸ ″	محمد جمیل صاحب ″	عہ/	۷۲	۴۸۷۲ ″	محمد اشفاق صاحب ″	سہ/	۹۶	۴۸۹۶ ″	مولانا اصغر علی صاحب ″	۴/
۴۹	۴۷۹۹ ″	سلیم الزماں صاحب صدیقی نئی دہلی	عہ/	۷۳	۴۸۷۳ ″	عبد الرزاق محمد اسحاق صاحبان ″	عہ/	۹۷	۴۸۹۷ ″	محمد اسمعیل صاحب ″	۴/
۵۰	۴۸۰۰ ″	بی سلیم الزماں صاحب صدیقی ″	۸/	۷۴	۴۸۷۴ ″	کلو صاحب تملے والے	۴/	۹۸	۴۸۹۸ ″	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب ″	صہ/
۵۱	۴۸۵۱ ″	مقبول احمد صاحب	عہ/	۷۵	۴۸۷۵ ″	شیخ محمد ادریس صاحب ″	۲/	۹۹	۴۸۹۹ ″	زین صاحب خانصاحب عبد الحمید صاحبان ″	۶/
۵۲	۴۸۵۲ ″	حاجی قادر بخش مولا بخش صاحبان ″	ے/	۷۶	۴۸۷۶ ″	عبد الحق سراج الحق صاحبان ″	عہ/	۱۰۰	۴۹۰۰ ″	کالے خاں صاحب ″	۸/
۵۳	۴۸۵۳ ″	منشی خورشید عالم صاحب	عہ/	۷۷	۴۸۷۷ ″	میر عزیز الدین صاحب ″	عہ/	۱۰۱	۵۶۰۱ ″	شیخ صبو احمد صاحب ″	۴/
۵۴	۴۸۵۴ ″	میاں حاجی منور الدین محمد گلزار صاحبان ″	صہ/	۷۸	۴۸۷۸ ″	سید انصار علی صاحب وکیل ″	عہ/	۱۰۲	۵۶۰۲ ″	خانصاحب عبد اللطیف خاں صاحب ″	صہ/
۵۵	۴۸۵۵ ″	اللہ یار خاں صاحب ″	۴/	۷۹	۴۸۷۹ ″	محمد شفیع محمد خلیل صاحب اینڈ کو	عہ/	۱۰۳	۵۶۰۳ ″	حاجی عبد الغنی فضل الحق صاحبان	۶/
۵۶	۴۸۵۶ ″	محمد عبد الحق ابو محمد شہاب الدین صاحبان	للعہ	۸۰	۴۸۸۰ ″	حافظ عبد الجلیل صاحب	۲/	۱۰۴	۵۶۰۴ ″	غلام نبی صاحب نئی دہلی	ے/
۵۷	۴۸۵۷ ″	محمد عارف صاحب شیشے والے	عہ/	۸۱	۴۸۸۱ ″	بیگم صاحبہ عبد المتین صاحب ″	ہ/	۱۰۵	۵۶۰۵	حامد علی صاحب ″	۲/
۵۸	۴۸۵۸ ″	بابو فضل الحق صاحب قریشی ″	۴/	۸۲	۴۸۸۲ ″	حاجی شیخ ننھے عبد الرزاق صاحب	عہ/	۱۰۶	۵۶۰۶ ″	حافظ شہاب الدین صاحب ″	۲/
۵۹	۴۸۵۹ ″	لیڈی ڈاکٹر مسز الیف ڈی محمود صاحب ″	۴/	۸۳	۴۸۸۳	مرزا اسلیمان صاحب جوہری	عہ/	۱۰۷	۵۶۰۷ ″	میاں فیض محمد صاحب ″	عہ/
۶۰	۴۸۶۰ ″	بابو محمد یعقوب خاں صاحب دہلی	ے/	۸۴	۴۸۸۴ ″	حاجی اشفاق احمد اقبال احمد صاحبان	عہ/	۱۰۸	۵۶۰۸ ″	میاں عبد الرشید صاحب ″	عہ/
۶۱	۴۸۶۱ ″	ملک آفتاب احمد صاحب ″	عہ/	۸۵	۴۸۸۵ ″	شمس العارفین صاحب	عہ/	۱۰۹	۵۶۰۹ ″	مرغوب احمد صاحب توفیق ″	۶/
۶۲	۴۸۶۲ ″	منشی بشیر بیگ صاحب ″	۲/	۸۶	۴۸۸۶ ″	قمر الاسلام صاحب	صہ/	۱۱۰	۵۶۱۰ ″	محمد تقی صاحب اینڈ سنز ″	۴/
۶۳	۴۸۶۳ ″	غلام السبطین صاحب ″	سہ/	۸۷	۴۸۸۷ ″	مولوی سید عبد الغنی صاحب ″	ے/	۱۱۱	۵۶۱۱ ″	چودھری الہی بخش صاحب ″	۸/
۶۴	۴۸۶۴ ″	محمود علی صاحب علوی نئی دہلی	۶/	۸۸	۴۸۸۸ ″	رفیق احمد صاحب ″	عہ/	۱۱۲	۵۶۱۲ ″	بابو عبد اللطیف صاحب ″	۸/
۶۵	۴۸۶۵ ″	خان بہادر سلیمان صاحب ″	صہ/	۸۹	۴۸۸۹ ″	مولوی عبد الصمد صاحب ″	۶/	۱۱۳	۵۶۱۳ ″	علاء الدین صاحب ″	۴/
۶۶	۴۸۶۶ ″	محمد اسماعیل صاحب ″	۴/	۹۰	۴۸۹۰ ″	شیخ محمد شفیع صاحب ″	۲/	۱۱۴	۵۶۱۴ ″	سراج الدین صاحب ″	۴/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۱۵	۵۶۱۵ بی	ضیاءالدین صاحب روئی والے دہلی	۸/	۱۳۹	۵۶۳۹ بی	منشی علی احمد خانصاحب دہلی	عہ/	۱۶۳	۵۸۱۳ بی	حاجی رشید احمد صاحب دہلی	ع/
۱۱۶	۵۶۱۶ "	حاجی بشیر احمد صاحب "	۸/	۱۴۰	۵۶۴۰ "	چودھری محمد دین صاحب "	۴/	۱۶۴	۵۸۱۴ "	مقبول احمد صاحب "	عہ/
۱۱۷	۵۶۱۷ "	شیخ محمد تقی صاحب "	عہ/	۱۴۱	۵۶۴۱ "	بیگم رضا خاں بہادر مسولوی ظفر حسین صاحب	عہ/	۱۶۵	۵۸۱۵ "	عبدالکریم صاحب صدیقی "	عہ/
۱۱۸	۵۶۱۸ "	شیخ جمال الدین صاحب	۸/	۱۴۲	۵۶۴۲ "	شفیع الدین صاحب نیر "	عہ/	۱۶۶	۴۹۳۲ "	لیاقت اللہ خانصاحب نئی دہلی	۸/
۱۱۹	۵۶۱۹ "	حافظ محمد محفوظ الٰہی صاحب "	۲/	۱۴۳	۵۶۴۳ "	حکیم عبدالرزاق صاحب نظامی "	۲/	۱۶۷	۴۹۳۳ "	محمد شریف قریشی صاحب "	عہ/
۱۲۰	۵۶۲۰ "	حکیم نذیر الدین احمد صاحب "	۴/	۱۴۴	۵۶۴۴ "	ڈی ایم ملک صاحب "	صہ/	۱۶۸	۴۹۳۴ "	شمعون احمد صاحب "	عہ/
۱۲۱	۵۶۲۱ "	نیاز احمد صاحب بی اے بی ٹی	۸/	۱۴۵	۵۶۴۵ "	ملک غلام محمد صاحب "	عہ/	۱۶۹	۴۹۳۵ "	مولوی عبدالرب صاحب "	عہ/
۱۲۲	۵۶۲۲ "	قمر الدین صاحب "	۸/	۱۴۶	۵۶۴۶ "	برج کشن صاحب "	صہ/	۱۷۰	۴۹۳۶ "	خان بہادر حافظ عبدالحکیم صاحب	ے/
۱۲۳	۵۶۲۳ "	محمد حسن صاحب "	۴/	۱۴۷	۵۶۴۷ "	عبدالمغنی صاحب "	عہ/	۱۷۱	۴۹۳۷ "	فتح محمد صاحب شگفتہ "	عہ/
۱۲۴	۵۶۲۴ "	حاجی محبوب بخش حاجی رفیع الدین صاحبان "	صہ/	۱۴۸	۵۶۴۸ "	حاجی عبداللہ لیاقت حسین صاحبان	۸/	۱۷۲	۴۹۳۸ "	محمد متین صاحب "	عہ/
۱۲۵	۵۶۲۵ "	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۴/	۱۴۹	۵۶۴۹ "	منشی داؤد صاحب دہلی	۴/	۱۷۳	۴۹۳۹ "	ایم طفیل محمد صاحب "	۸/
۱۲۶	۵۶۲۶ "	شیخ محمد سعید صاحب "	۴/	۱۵۰	۵۶۵۰ "	بدرالدجیٰ صاحب "	۸/	۱۷۴	۴۹۴۰ "	خواجہ غلام لیسین صاحب "	عہ/
۱۲۷	۵۶۲۷ "	احمد حسن خاں صاحب "	عہ/	۱۵۱	۵۸۰۱ "	بابو محمد حنیف صاحب "	عہ/	۱۷۵	۴۹۴۱ "	عبدالواحد صاحب "	۴/
۱۲۸	۵۶۲۸ "	محمد ادریس صاحب باڑی اینڈ کو	عہ/	۱۵۲	۵۸۰۲ "	بابو الیاس مولا بخش صاحب "	عہ/	۱۷۶	۴۹۴۲ "	سید محمد مرتضیٰ علی صاحب "	عہ/
۱۲۹	۵۶۲۹ "	حافظ رحمت الٰہی محمد بلال صاحبان "	۴/	۱۵۳	۵۸۰۳ "	مرزا فیاض بیگ صاحب "	۴/	۱۷۷	۴۹۴۳ "	سید حامد علی صاحب "	عہ/
۱۳۰	۵۶۳۰ "	اسلام الدین شجاع الدین صاحبان "	۸/	۱۵۴	۵۸۰۴ "	حافظ عبدالحکیم حبیب الرحمن صاحبان "	۴/	۱۷۸	۴۹۴۴ "	محمد اشرف صاحب "	۸/
۱۳۱	۵۶۳۱ "	محمد نظام الدین صاحب انصاری بڑودہ	۴/	۱۵۵	۵۸۰۵ "	ایم انعام الحق صاحب "	۴/	۱۷۹	۴۹۴۵ "	مولوی عبدالرحمن صاحب "	۸/
۱۳۲	۵۶۳۲ "	دفتر رسالہ عصمت دہلی	عہ/	۱۵۶	۵۸۰۶ "	منشی غفران الدین صاحب "	۴/	۱۸۰	۴۹۴۶ "	محمد فاضل صاحب "	۸/
۱۳۳	۵۶۳۳ "	قدیر الدین احمد صاحب وکیل "	عہ/	۱۵۷	۵۸۰۷ "	حاجی نور الدین صاحب "	۲/	۱۸۱	۴۹۴۷ "	عبدالحق صاحب "	۴/
۱۳۴	۵۶۳۴ "	حکیم محمد کبیر الدین احمد صاحب "	ع/	۱۵۸	۵۸۰۸ "	محمد احمد صاحب جانولا "	عہ/	۱۸۲	۴۹۴۸ "	حاجی برکت اللہ صاحب "	صہ/
۱۳۵	۵۶۳۵ "	حکیم ذکی احمد صاحب "	عہ/	۱۵۹	۵۸۰۹ "	عبدالمجید صاحب "	ے/	۱۸۳	۴۹۴۹ "	شیخ کریم بخش صاحب "	عہ/
۱۳۶	۵۶۳۶ "	محمد حسین خادم صاحب "	۸/	۱۶۰	۵۸۱۰ "	ممتاز الدین صاحب "	عہ/	۱۸۴	۴۹۵۰ "	ملک عطا محمد صاحب "	۴/
۱۳۷	۵۶۳۷ "	عزیز الدین صاحب "	۸/	۱۶۱	۵۸۱۱ "	حاجی سیٹھ عبدالغنی صاحب تانبے والے	۴/	۱۸۵	۴۹۵۱ "	بیگم صاحبہ محمد غیور صاحب "	۸/
۱۳۸	۵۶۳۸ "	رفیع اللہ خانصاحب شاہجہانپوری	۸/	۱۶۲	۵۸۱۲ "	شیخ محمد رفیع صاحب "	۴/	۱۸۶	۴۹۵۲ "	تاج الدین صاحب "	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۸۷	۴۹۵۳ یوپی	مالک غلام حیدر صاحب نئی دہلی	۸/	۱	۶۰۳	محمد وسیم صاحب لکھنؤ	صہ/	۲۵	۵۲۰۳ یوپی	عمر الدین صاحب علیگڑھ	ہے/
۱۸۸	۴۹۵۴ "	محمد ظہیر صاحب	عہ/	۲	۶۲۳	بیگم صاحبہ ضمیر ہاشمی صاحب رامپور	عسہ/	۲۶	۵۲۰۴ "	محمد انس خانصاحب "	۶/
۱۸۹	۴۹۵۵ "	صوفی غلام قادر صاحب "	۸/	۳	۶۳۰	قاضی اتفاق حسین صاحب مرادآباد	۱۲/	۲۷	۵۲۰۵ "	محمد اویس صاحب "	عہ/
۱۹۰	۴۹۵۶ "	سید ضمیر الحسن صاحب [illegible]	۸/	۴	۶۳۳	مولوی محمد یونس صاحب علیگڑھ	عہ/	۲۸	۵۲۰۶ "	مسز مولوی نصیر الدین صاحب علوی	عہ/
۱۹۱	۴۹۵۷ "	سید محمد ذاکر صاحب	۴/	۵	۶۲۰	عبد المجید خواجہ صاحب [illegible] الہ آباد	[illegible]	۲۹	۵۲۰۷ "	خواجہ عبد العلی صاحب "	عہ/
۱۹۲	۴۹۵۸ "	حبیب الرحمن صاحب "	۴/	۶	۶۴۳	سید حبیب احمد علی صاحب سہسوان	عہ/	۳۰	۵۲۰۸ "	مولانا محمد ابوبکر شیث صاحب "	ہے/
۱۹۳	۴۹۵۹	شیخ محمد حشمت علی صاحب "	عہ/	۷	۶۵۷	حاجی محمد اسمٰعیل صاحب بلندشہر	صہ/	۳۱	۵۲۰۹ "	مولوی حفیظ الرحمن صاحب "	عہ/
۱۹۴	۴۹۶۰ "	خانصاحب عبد العلی صاحب "	۸/	۸	۴۲۳۶ یوپی	مولوی محمد مرتضیٰ صاحب صدیقی میرٹھ	عمہ/	۳۲	۵۲۱۰ "	مختار حامد علی صاحب "	عہ/
۱۹۵	۴۹۶۱ "	محمد خلیل صاحب	عہ/	۹	۴۲۳۷ "	مولوی حامد جان خانصاحب "	عمہ/	۳۳	۵۲۱۱ "	انصار الحق صاحب "	عہ/
۱۹۶	۴۹۶۲ "	غلام حسن صاحب	۸/	۱۰	۴۲۳۸ "	مولوی رضی الدین صاحب "	عمہ/	۳۴	۵۲۱۲ "	غلام ربانی صاحب "	۴/
۱۹۷	۴۹۶۳ "	چودھری محمد سرور صاحب	عہ/	۱۱	۴۲۳۹ "	مولوی حافظ رحیم بخش صاحب "	عمہ/	۳۵	۵۲۱۳ "	رشید احمد صاحب صدیقی "	۶/
۱۹۸	۴۹۶۴ "	اے ایس محمود صاحب "	۸/	۱۲	۴۲۴۰ "	مولوی حافظ فہیم الدین صاحب "	عمہ/	۳۶	۵۲۱۴ "	بیگم صاحبہ رشید احمد صاحب صدیقی "	۶/
۱۹۹	۴۹۶۵ "	مولانا محمد ابراہیم صاحب "	۸/	۱۳	۴۲۴۱ "	خانبہادر مولوی حبیب اللہ خانصاحب علی گڑھ	عہ/	۳۷	۵۲۱۵ "	مرزا مقبول بیگ صاحب "	عہ/
۲۰۰	۴۹۶۶ "	محمد نصر اللہ صاحب	عہ/	۱۴	۴۲۴۲ "	سید بشیر علی صاحب "	عہ/	۳۸	۵۲۱۶ "	صاحبزادہ نواب عبد العلی خانصاحب "	ہے/
۲۰۱	۴۹۶۷ "	محمد عبد الغنی صاحب شہید "	عہ/	۱۵	۴۲۴۳ "	مولوی حبیب الرحمن صاحب "	صہ/	۳۹	۵۲۱۷ "	آغا محمد علی نقی صاحب "	عہ/
۲۰۲	۴۹۶۸ "	صدر العلی صاحب "	۸/	۱۶	۴۲۴۴ "	مولوی خلیل احمد صاحب مراد "	۶/	۴۰	۵۲۱۸ "	مولوی مسعود حسین صاحب "	۲/
۲۰۳	۴۹۶۹ "	غلام محمد صاحب	عہ/	۱۷	۴۲۴۵ "	ملک مشتاق حسین صاحب "	۴/	۴۱	۵۲۱۹ "	مبارک حسین خانصاحب "	عمہ/
۲۰۴	۴۹۷۰ "	عبد الرحمن صاحب "	۴/	۱۸	۴۲۴۶ "	حکیم عبد اللہ خانصاحب نصر "	۶/	۴۲	۵۲۲۰ "	محمد فاتح فرخ صاحب "	صہ/
۲۰۵	۴۹۷۱ "	معصوم علی صاحب "	۴/	۱۹	۴۲۴۷ "	مرزا سجاد حسین صاحب "	۸/	۴۳	۵۲۲۱ "	سید شکیل احمد صاحب جعفری "	عہ/
۲۰۶	۴۹۷۲ "	میاں محمد صاحب	عہ/	۲۰	۴۲۴۸ "	ڈاکٹر [illegible] قدوائی صاحب "	عہ/	۴۴	۵۲۲۲ "	مرغوب احمد صاحب انصاری "	عہ/
۲۰۷	۴۹۷۳ "	احسان الحق صاحب "	۸/	۲۱	۴۲۴۹ "	سید امام احمد صاحب "	ے/	۴۵	۵۲۲۳ "	عباس بیگ صاحب "	۴/
۲۰۸	۴۹۷۴ "	حامد علی صاحب "	عہ/	۲۲	۴۲۵۰ "	سید بشیر الدین صاحب "	ہے/	۴۶	۵۲۲۴ "	آل احمد صاحب سرور "	۶/
		میزان کل مالعہ ۲۲۹	۱۰/	۲۳	۵۲۰۱ "	اختر حسین صاحب "	عہ/	۴۷	۵۲۲۵ "	حکیم ظہیر الدین صاحب "	عہ/
		یوپی		۲۴	۵۲۰۲ "	خواجہ غلام السیدین صاحب "	ہے/	۴۸	۵۲۲۶ "	قاضی محمد یونس صاحب "	۶/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۴۹	۵۲۲۷ بی	محمد شاغل صاحب علی گڑھ	۱۲/	۸۳	۵۲۵۴ بی	ظفر خاں صاحب - رامپور	عا/	۱۸	۴۴۳۱ بی	مس آر ایس خانصاحب کلکتہ	۲/
۵۰	۵۲۲۸"	محمد اسمٰعیل صاحب "	۸/	۸۴	۵۲۵۵"	سید شوکت علی صاحب رضوی "	ے/	۱۹	۴۴۳۲"	مس کی کی خانصاحب "	۴/
۵۱	۵۲۲۹"	سید محمد فاروق صاحب "	عہ/	۸۵	۵۲۵۶"	مولوی سید محمد فقیہ الدین صاحب "	عہ/	۲۰	۴۴۳۳"	عمر حاجی. بی محمد صاحب "	۴/
۵۲	۵۲۳۰"	ایم مناظر الحسن صاحب "	۸/	۸۶	۵۲۵۷"	مولوی امتیاز علی خان صاحب "	ہے/	۲۱	۴۴۳۴"	عبد الوہاب صاحب "	۴/
۵۳	۵۲۳۱"	ایس سلمان غنی صاحب "	۸/			میزان کل ۱۱۲۵/ ۱۴		۲۲	۴۴۳۵"	محمد عثمان اجمیری صاحب "	۲/
۵۴	۵۲۳۳"	ابرار مصطفٰے خانصاحب "	۸/			**بنگال**		۲۳	۴۴۳۶"	علی محمد عثمان اجمیری صاحب "	۸/
۵۵	۵۲۳۴"	مبارک علی خانصاحب "	۸/					۲۴	۴۴۳۷"	محمد عمر عثمان اجمیری صاحب "	۸/
۵۶	۵۲۳۵"	ضیاء اللہ خانصاحب "	۸/	۱	۴۳۸۱ بی	میاں ایزد بخش محمد عمر صاحبان کلکتہ	عـہ/	۲۵	۴۴۳۸"	اے جے تیرانی صاحب "	۴/
۵۷	۵۲۳۶"	ارجمند علی صاحب قریشی "	۴/	۲	۴۳۸۷"	میاں حاجی محمد بخش حاجی نظیر حسین صاحبان "	لعـہ/	۲۶	۴۴۳۹"	اے ایس اے فضل صاحب "	۴/
۵۸	۵۲۳۷"	ایم زبیر احمد صاحب "	۴/	۳	۴۳۸۸"	شیخ میاں اسد تاشیخ فیروز الدین صاحبان "	ے/	۲۷	۴۴۴۰"	اے رحمان مارفانی صاحب "	۱۲/
۵۹	۵۲۳۸"	سید خلیل احمد صاحب جعفری "	۸/	۴	۴۳۸۹"	میاں حاجی محکم الدین دوست محمد صاحبان "	ــہ/	۲۸	۴۴۴۱"	ریاض بہادر خاں صاحب "	۱۲/
۶۰	۵۲۳۹"	ریاض الدین احمد صاحب "	عہ/	۵	۴۳۹۲"	میاں نظیر حسین فیروز الدین صاحبان "	لعـہ/	۲۹	۴۴۴۲"	میر عزیز الرحمٰن صاحب	ہے/
۶۱	۵۲۴۰"	امین اللہ خاں صاحب "	۴/	۶	۴۳۹۵"	محمد صادق صاحب "	عہ/	۳	۴۴۴۳"	خان بہادر ٹی فضل صاحب "	صہ/
۶۲	۵۲۴۲"	رفیق الرحمٰن صاحب "	۴/	۷	۴۴۲۰"	ابو نصر محمد اکرام صاحب "	۸/	۳۱	۴۴۴۴"	غلام حسنین صاحب "	۸/
۶۳	۵۲۴۳"	اوصاف اللہ صاحب بدیؔ "	۴/	۸	۴۴۲۱"	منور برادرس صاحبان "	عہ/	۳۲	۴۴۴۵"	مولوی محمد یحیٰی صاحب "	۸/
۶۴	۵۲۴۴"	مسٹر مقبول احمد صاحب مراد آباد	عـہ/	۹	۴۴۲۲"	مولوی غلام محمد صاحب "	۴/	۳۳	۴۴۴۶"	سید محمد عاصم صاحب "	عہ/
۶۵	۵۲۴۵"	ایس ایم عاصم صاحب "	عہ/	۱۰	۴۴۲۳"	محمد کامل صاحب "	عہ/	۳۴	۴۴۴۷"	بی بی آمنہ خاتون صاحبہ "	عہ/
۶۶	۵۲۴۶"	حکیم الدین صاحب "	۱۲/	۱۱	۴۴۲۴"	شیخ محمد رفیع صاحب "	ے/	۳۵	۴۴۴۸"	مولوی حبیب الحسن صاحب "	۸/
۶۷	۵۲۴۷"	مولوی عبد النعیم صاحب "	عہ/	۱۲	۴۴۲۵"	شیخ محمد نقی صاحب "	۴/	۳۶	۴۴۴۹"	اہلیہ صاحبہ مولوی نور الرحمٰن صاحب "	عہ/
۶۸	۵۲۴۹"	حکیم مولوی انظار احمد صاحب انصاری "	عہ/	۱۳	۴۴۲۶"	اے غنی ملا صاحب "	۸/	۳۷	۴۴۵۰"	منظور احمد خاں صاحب "	عہ/
۶۹	۵۲۵۰"	حافظ سلطان احمد صاحب "	عہ/	۱۴	۴۴۲۷"	عبد الکریم صاحب "	عہ/	۳۸	۵۰۰۱"	نصیر الدین صاحب "	۲/
۷۰	۵۲۵۱"	مولوی علی حسن خانصاحب رامپور	۱۲/	۱۵	۴۴۲۸"	ایم اے خیرادی صاحب "	۸/	۳۹	۵۰۰۲"	مولوی عبد العزیز صاحب انصاری "	صہ/
۷۱	۵۲۵۲"	بیگم صاحبہ مبارک علی خانصاحب "	ے/	۱۶	۴۴۲۹"	قاسم دادا صاحب "	۴/	۴۰	۵۰۰۳"	عبد الحامد بیگ صاحب "	عہ/
۷۲	۵۲۵۳"	مولوی عبد الدائم صاحب "	۱۲/	۱۷	۴۴۳۰"	الف اے خانصاحب "	۸/	۴۱	۵۰۰۴"	محمد ابراہیم معراج الدین صاحب	عہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۴۲	۵۰۰۵ بی	شیخ امین الدین صاحب کلکتہ	۴/	۶۶	۵۰۲۹ بی	خواجہ محمد شفیع صاحب کلکتہ	۴/	۹۰	۵۰۵۳ بی	میسرز گرانڈ واچ کمپنی کلکتہ	۶/
۴۳	۵۰۰۶ ״	محمد صابر حسین صاحب ״	۶/	۶۷	۵۰۳۰ ״	ایس ایم فیاض اینڈ کو ״	۶/	۹۱	۵۰۵۴ ״	محمد فضل احمد صاحب ״	عہ
۴۴	۵۰۰۷ ״	محمد اسعد صاحب ״	عہ/	۶۸	۵۰۳۱ ״	سید شاہ انوار حسین صاحب ״	۴/	۹۲	۵۰۵۵ ״	محمد یحییٰ احمد صاحب ״	عہ/
۴۵	۵۰۰۸ ״	عبدالقدیر صاحب ״	۴/	۶۹	۵۰۳۲ ״	عبدالرحیم خاں صاحب ״	۴/	۹۳	۵۰۵۶ ״	حامد سعید صاحب ״	[illegible]
۴۶	۵۰۰۹	پروفیسر محمد محفوظ الحق صاحب ״	عہ/	۷۰	۵۰۳۳ ״	عبدالرحیم خاں صاحب ״	۴/	۹۴	۵۰۵۷ ״	حاجی محمد رفیع صاحب ״	۸/
۴۷	۵۰۱۰ ״	محمد بشیر مرزا صاحب	عہ/	۷۱	۵۰۳۴ ״	میاں محمد حیات اینڈ سنز ״	للعہ/	۹۵	۵۰۵۸ ״	محمد تقی صاحب ״	۸/
۴۸	۵۰۱۱ ״	شاہ محمد حمید صاحب ״	۶/	۷۲	۵۰۳۵ ״	سیٹھ اے حبیب صاحب ״	عہ/	۹۶	۵۰۵۹ ״	حبیب علی صاحب ״	۱۲/
۴۹	۵۰۱۲ ״	پروفیسر شاہ کلیم الرحمن صاحب ״	عہ/	۷۳	۵۰۳۶ ״	مولوی علم الدین صاحب ״	٥ع/	۹۷	۵۰۶۰ ״	محمود خاں صاحب ״	۲/
۵۰	۵۰۱۳ ״	نظام الدین سلیمان صاحب ״	عہ/	۷۴	۵۰۳۷ ״	ایچ ایم عبدالحفیظ صاحب ״	عہ/	۹۸	۵۰۶۱ ״	احمد ضیاء کریم صاحب ״	۴/
۵۱	۵۰۱۴ ״	میاں محمد یوسف صاحب ״	ہے/	۷۵	۵۰۳۸ ״	سید آغا آفندی صاحب ״	عہ/			میزان کل	۱۹۱ مالعہ ۱۲/
۵۲	۵۰۱۵ ״	شیخ محمد فاروق صاحب ״	عہ/	۷۶	۵۰۳۹ ״	ایم ایس صبحی صاحب ״	عہ/			بمبئی	
۵۳	۵۰۱۶ ״	مولوی عبدالخالق صاحب ״	عہ/	۷۷	۵۰۴۰ ״	حاجی محمد اسمٰعیل اینڈ سنز ״	۴/				
۵۴	۵۰۱۷ ״	سیف الدین کشمیری صاحب ״	۴/	۷۸	۵۰۴۱ ״	شیخ معراج الدین صاحب ״	۴/	۱	۶۱۲	ڈاکٹر خواجہ عبدالمجید صاحب بمبئی	صہ/
۵۵	۵۰۱۸ ״	ظل الرحمن صاحب ״	عہ/	۷۹	۵۰۴۲ ״	اے آر امین حسین صاحب ״	۸/	۲	۳۸۰۲ بی	چوہدری نعمت دی وائز برادرس ״	عہ/
۵۶	۵۰۱۹ ״	عرفان الٰہی صاحب ״	۴/	۸۰	۵۰۴۳ ״	فیاض الدین اینڈ کو ״	عہ ۱۲/	۳	۳۸۰۳ ״	معین الدین صاحب حارث ״	عہ/
۵۷	۵۰۲۰ ״	شیخ محمد صدیق صاحب ״	عہ/	۸۱	۵۰۴۴ ״	مولوی خواجہ سراج الدین صاحب ״	عہ/	۴	۳۸۰۵ ״	اہلیہ صاحبہ معین الدین صاحب حارث ״	عہ
۵۸	۵۰۲۱ ״	حاجی شیخ محمد سعید صاحب	صہ/	۸۲	۵۰۴۵ ״	مولوی خواجہ محمد شفیع صاحب ״	عہ/	۵	۳۸۰۶ ״	عثمان حسین خاں صاحب	عہ/
۵۹	۵۰۲۲ ״	میاں حاجی اللہ بخش حاجی محمد سعید صاحبان ״	ہے/	۸۳	۵۰۴۶ ״	حاجی طلا محمد فضل کریم صاحبان	٥ع/	۶	۳۸۰۷ ״	ایم اے باسط صاحب ״	عہ/
۶۰	۵۰۲۳ ״	لفٹننٹ رفعت علی صاحب قدوائی ״	عہ/	۸۴	۵۰۴۷ ״	خواجہ محمد شفیع صاحب مرید الاعکوالی	۸/	۷	۳۸۰۸ ״	محمد شبیر و علی محمد صاحبان ״	عہ/
۶۱	۵۰۲۴ ״	مولوی محمد مبین صاحب ״	٥ع/	۸۵	۵۰۴۸ ״	سید محمد معین الدین صاحب ״	۴/	۸	۳۸۰۹ ״	محمد عبدالحمید خاں صاحب بوہیرہ	۴/
۶۲	۵۰۲۵ ״	ایم آر ذکی صاحب ״	عہ/	۸۶	۵۰۴۹ ״	خواجہ محمد بشیر صاحب ״	ہے/	۹	۳۸۱۰ ״	سید عبداللہ سید میر علی صاحب ״	۴/
۶۳	۵۰۲۶ ״	عبدالسلام صاحب ״	۶/	۸۷	۵۰۵۰ ״	منظور الٰہی صاحب ״	۶/	۱۰	۳۸۱۱ ״	شیخ احمد ٹنگے صاحب ״	۴/
۶۴	۵۰۲۷ ״	شیخ عبدالکریم صاحب ״	عہ/	۸۸	۵۰۵۱ ״	حاجی شمس الحق ممتاز الدین صاحبان ״	٥ع/	۱۱	۳۸۱۲ ״	محمد ابراہیم علی صاحب قزلباش ״	۶/
۶۵	۵۰۲۸ ״	خواجہ محمد شریف صاحب ״	عہ/	۸۹	۵۰۵۲ ״	ابوالمکارم فضل الوہاب صاحب ״	عہ/	۱۲	۳۸۱۳ ״	مسز ڈاکٹر کے اے حمید صاحب ״	۶/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱۳	۳۸۱۴ بی	ڈی رزوراخ صاحب بمبئی	عہ؍
۱۴	۳۸۱۵ ״	رئیس احمد صاحب بفری ״	عہ؍
۱۵	۳۸۱۶ ״	عبدالرحمٰن محمد یوسف صاحب ״	۹ع؍
۱۶	۳۸۰۰ ״	صدیق سلیمان صاحب ״	عہ؍
۱۷	۳۸۱۸ ״	عبدالعزیز غلام نبی صاحب ״	۴؍
۱۸	۳۸۱۹ ״	علی حاجی یوسف صاحب سجانی ״	عہ؍
۱۹	۳۸۲۰ ״	عبدالحی اسمٰعیل صاحب ״	عہ؍
۲۰	۳۸۲۱ ״	کریم داد خاں صاحب لکھو پالی ״	۸؍
۲۱	۳۸۲۲ ״	حاجی عیسیٰ موسیٰ جوہری صاحب ״	عہ؍
۲۲	۳۸۲۳ ״	حاجی ابوبکر موسیٰ صاحب جوہری ״	عہ؍
۲۳	۳۸۲۴ ״	ابوبکر چھوٹانی صاحب ״	عہ؍
۲۴	۳۸۲۵ ״	خواجہ احمد عباس صاحب ״	عہ؍
۲۵	۳۸۲۶ ״	حکیم عبدالرحمٰن صاحب ״	۴؍
۲۶	۳۸۲۷ ״	رحیم اللہ صاحب ״	۸؍
۲۷	۳۸۲۸ ״	چودھری چراغ الدین اینڈ سنز ״	۶؍
۲۸	۳۸۲۹ ״	ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب ״	۶؍
۲۹	۳۸۳۰ ״	آنریبل محمد یٰسین نوری صاحب ״	۶؍
۳۰	۳۸۳۱ ״	ایس ایم ابراہیم صاحب ״	عہ؍
۳۱	۳۸۳۲ ״	حبیب حکیم صاحب پارپیا ״	صہ؍
۳۲	۳۸۳۳ ״	فقیہ عباس صاحب آرائی ״	۴؍
۳۳	۳۸۳۴ ״	محمد عبداللہ صاحب پردیسی ״	۸؍
۳۴	۳۸۳۵ ״	فقیہ علی صاحب خطیب ״	صہ؍
۳۵	۳۸۳۶ ״	محمود حسین صاحب مقری ״	۴؍
۳۶	۳۸۳۷ ״	سید منظور حسین صاحب غازی ״	عہ؍

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۳۷	۳۸۳۸ بی	قاضی عبدالرحمٰن صاحب ملیانی تلا	۴؍
۳۸	۳۸۳۹ ״	خلیل شرف الدین صاحب بمبئی	۶؍
۳۹	۳۸۴۰ ״	امیر حسین صاحب کاتب ״	۴؍
۴	۳۸۴۱ ״	بیگم صاحبہ عثمان سوبانی ״	غ
۴۱	۳۸۴۲ ״	حافظ محمد یحییٰ زکریا برادرس ״	۴؍
۴۲	۳۸۴۳ ״	شیخ احمد عبداللطیف صاحب ״	۴؍
۴۳	۳۸۴۴ ״	حسن علی صاحب راجکوٹ والا ״	۴؍
۴۴	۳۸۴۵ ״	مرزا اختر حسن صاحب وکیل ״	عہ؍
۴۵	۳۸۴۶ ״	قاضی امیرالدین صاحب خطیب	۸؍
۴۶	۳۸۴۷ ״	محمد یونس صاحب حافظ خنجر ״	۸؍
۴۷	۳۸۴۸ ״	عبدالحمید صاحب کاتب ״	۴؍
۴۸	۳۸۴۹ ״	یو جے منشری صاحب ״	عہ
۴۹	۳۸۵۰ ״	محمد اسحاق صاحب کاتب ״	۴؍
۵۰	۵۶۵۱ ״	خلیل الرحمٰن صاحب شیروڑمن ״	۴؍
۵۱	۵۶۵۲ ״	چودھری صاحب معرفت دی ویز برادرز	عہ؍
۵۲	۵۶۵۳ ״	آئی کے خان صاحب بمبئی	عہ؍
		میزان کل	۱۲۰ ما عہ

بہار

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۶۱۹	سید محمد رشید صاحب بانکی پور پٹنہ	۶؍
۲	۶۳۴	مولوی عبدالحفیظ صاحب گوپال گنج	۶؍
		میزان کل	للعہ؍

سی پی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۶۵۰	ایس ایل محمد صاحب جبل پور	۹ع؍
۲	۶۵۸	ڈاکٹر غلام محی الدین صاحب ״	۹ع؍
		میزان کل	للعہ؍

حیدرآباد دکن

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۱	۶۲۲	آغا محمود علی صاحب جالنہ دکن	۹ع؍
۲	۶۲۴	رضی الدین احمد صاحب ״	۶
۳	۶۳۸	ڈاکٹر اے ایل سعید صاحب حیدرآباد	صہ؍
۴	۱۵۱م بی	قاضی معین الدین حسن صاحب اورنگ آباد	ے؍
۵	۶۵۱م ״	مولوی سید محی الدین صاحب ״	لعہ؍
۶	۶۵۲م ״	جے اے دین کاما صاحب ״	صہ؍
۷	۶۵۳م ״	ایس کے کانے صاحب ״	عہ؍
۸	۶۵۴م ״	اے ایم گرے صاحب ״	۸؍
۹	۶۵۵م ״	مولوی سید احمد صاحب ندوی ״	۶؍
۱۰	۶۵۶م ״	مولوی عبدالرب صاحب ״	عہ؍
۱۱	۶۵۷م ״	محبوب الحسن صاحب ״	عہ؍
۱۲	۶۵۸م ״	مولوی لقمان صاحب ״	۸؍
۱۳	۶۵۹م ״	فضل الدین صاحب ״	۸؍
۱۴	۶۶۰م ״	ولی محمد خاں صاحب ״	۸؍
۱۵	۶۶۱م ״	مولوی محمد یعقوب صاحب ״	۸؍
۱۶	۶۶۲م ״	مولوی حامد حسین صاحب کاکوروی ״	۸؍
۱۷	۶۶۳م ״	سید صادق صاحب سروش ״	عہ؍
۱۸	۶۶۴م ״	مولوی مظہر علی خاں صاحب ״	۶؍
۱۹	۶۶۵م ״	کروے صاحب ״	۶؍

نمبرشمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبرشمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ	نمبرشمار	حوالہ رسید نمبر	اسم گرامی جناب	رقم موصولہ
۲۰	۴۶۶۶ بی	سیٹھ رائے صاحب اورنگ آباد	عہ/	۴۴	۴۶۹۰ بی	معین الدین صاحب اورنگ آباد	عہ/	۶۸	۵۵۱۵ بی	عثمان علی خاں صاحب گنگا پور	۸/
۲۱	۴۶۶۷	[illegible] سنگھ صاحب	۸	۴۵	۴۶۹۱	مولوی محمد عبدالخالق صاحب	للعہ/	۶۹	۵۵۱۶	سید واسع الہدیٰ صاحب	للعہ/
۲۲	۴۶۶۸	مولوی مقصود علی خاں صاحب وکیل	عہ/	۴۶	۴۶۹۳	مولوی نواب احمد خاں صاحب	عہ	۷۰	۵۵۱۷	احمد حسن بن عبداللہ صاحب	صہ/
۲۳	۴۶۶۹	مولوی محمد شریف الدین صاحب	عہ/	۴۷	۴۶۹۴	مولوی غلام احمد خاں صاحب	صہ	۷۱	۵۵۱۸	مولوی سراج الدین صاحب	۲/
۲۴	۴۶۷۰	[illegible] صاحب	عہ/	۴۸	۴۶۹۵	[illegible] ڈاکٹر محمد [illegible] صاحب	عہ/	۷۲	۵۵۱۹	مولوی سید محمود علی صاحب	صہ
۲۵	۴۶۷۱	حمید مرزا صاحب	صہ ۲/	۴۹	۴۶۹۶	نبی [illegible] صاحب	عہ	۷۳	۵۵۲۰	مولوی قاضی بشیر الدین صاحب	۲/
۲۶	۴۶۷۲	مولوی یوسف علی صاحب	صہ/	۵۰	۴۶۹۷	احمد علی خاں صاحب	صہ	۷۴	۵۵۲۱	شیخ محمد صاحب	۲/
۲۷	۴۶۷۳	رائے برکت رائے صاحب	صہ/	۵۱	۴۶۹۸	میر محمد علی صاحب	صہ/	۷۵	۵۵۲۲	فیض اللہ خاں صاحب	۸/
۲۸	۴۶۷۴	مولوی مرزا رحیم بیگ صاحب	ے/	۵۲	۴۶۹۹	مولوی محمد ابراہیم صاحب	عہ/	۷۶	۵۵۲۳	پنڈت بلونت راؤ صاحب	۸/
۲۹	۴۶۷۵	سلیم الحسن صاحب	ے/	۵۳	۴۷۰۰	مولوی ریاست علی صاحب	ے/	۷۷	۵۵۲۴	مولوی محمد عبدالغفور صاحب	۲/
۳۰	۴۶۷۶	سید معز الدین صاحب	ے	۵۴	۵۵۰۱	مولوی نصیر الدین صاحب گنگا پور	صہ/	۷۸	۵۵۲۵	مولوی حبیب الدین صاحب	۲/
۳۱	۴۶۷۷	مولوی مرزا سکندر علی بیگ صاحب	عہ/	۵۵	۵۵۰۲	مولوی محمد عبدالقادر صاحب اورنگ آباد	ے/	۷۹	۵۵۲۶	غلام دستگیر خاں صاحب	۲/
۳۲	۴۶۷۸	مولوی محمد عبدالشکور صاحب	عہ/	۵۶	۵۵۰۳	مولوی چاند خاں صاحب	صہ/	۸۰	۵۵۲۷	مولوی کاظم حسین صاحب	۲/
۳۳	۴۶۷۹	مولوی محمد نصیب خاں صاحب	۔/	۵۷	۵۵۰۴	مولوی اکبر خاں صاحب	ے/			میزان کل	۲۴۲ للعہ ۳/
۳۴	۴۶۸۰	مولوی شیخ گونو صاحب	عہ/	۵۸	۵۵۰۵	مولانا عبداللہ بن سلطان صاحب	للعہ/			**پنجاب و سرحد**	
۳۵	۴۶۸۱	مولوی محمد ظہور خاں صاحب	عہ/	۵۹	۵۵۰۶	سید عمر بن عبدالواحد صاحب	صہ/				
۳۶	۴۶۸۲	مولوی شیر محمد خاں صاحب	۔/	۶۰	۵۵۰۷	حبیب الرحمٰن صاحب	عہ/	۱	۶۱۳	سکریٹری صاحب میونسپلٹی بہاولپور	صہ/
۳۷	۴۶۸۳	مولوی محمد شمس الدین صاحب	عہ/	۶۱	۵۵۰۸	مولوی آفاق احمد صاحب [illegible]	ے/	۲	۶۲۰	محمد علی صاحب ایبٹ آباد	صہ
۳۸	۴۶۸۴	مولوی محمد [illegible] خاں صاحب	عہ/	۶۲	۵۵۰۹	مولوی صفدر حسین صاحب	ے/	۳	۶۴۴	احمد مختار صمدانی صاحب صادق [illegible]	عہ/
۳۹	۴۶۸۵	غلام محی الدین خاں صاحب	عہ/	۶۳	۵۵۱۰	عبدالعزیز خاں صاحب	عہ/	۴	۵۳۰۱ بی	عبدالحمید صاحب لاہور	۵/
۴۰	۴۶۸۶	سید ساجد علی صاحب	ے/	۶۴	۵۵۱۱	مرزا صاحب	عہ/	۵	۵۳۰۲	وحید اقبال صاحب	عہ
